رجسٹر نمبر ایل 533

اللہ اکبر

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

ہفتہ وار

# بلوچستان جدید

چھپا کر آستیں میں بجلیاں رکھی ہیں گردوں نے
عنادل باغ کے غافل نہ بیٹھیں آشیانوں میں
اقبال

الحیات
قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا ... [illegible]

| | | |
|---|---|---|
| سالانہ | چندہ | چار روپیہ |
| ششماہی | ” | دو روپیہ |
| سہ ماہی | ” | ایک روپیہ |

| | |
|---|---|
| گورنمنٹ سے | بیس روپیہ |
| تمندار سے | دس روپیہ |
| طالب علم سے | دو روپیہ |

مدیر: پیر بخش نسیم تلوی
معاون: محمد حسین عنقا

جلد | کراچی بروز دوشنبہ [illegible] ۱۳۵۲ مطابق ۱۶ اپریل ۱۹۳۴ء | شمارہ ۵



BUY POST OFFICE CASH CERTIFICATES
16 APR 34
10.45 AM
QUETTA


## داستانِ غم

(از جناب آزاد [illegible])

کر دیا مجبور دل نے غم سنانے کیلئے
تجھ کو اے روٹھے ہوئے بلوچستان منانے کیلئے

نیم بسمل کرکے چھوڑا اسلئے صیاد نے
جھاڑتا تھا اپنے پر [illegible] کیلئے

جلتی ہے شمع اب پروانوں کی قلت نہیں
جوق جوق آئیں گے اپنے کو جلانے کیلئے

کُر دے زندان کی تاریکی منور ہو چکی
کیوں نہ ہم بے چین ہوں اب آہ جانے کیلئے

کہدو یہ زندانیوں سے کہ اچھے دن آ گئے
ان تمہاری سب مصائب کو مٹانے کیلئے

آسمان پر کیوں ہے یہ کالی گھٹا چھائی ہوئی
دل نہیں ہے آج کچھ پینے پلانے کیلئے

اشکباری کرتے ٹوٹا رشتۂ تارِ نگہ
حسرتیں باقی رہیں دل کو ستانے کیلئے

بزم میں باقی نہ ساقی ہے نہ ہمطرب کوئی
چھوڑ دے آزاد چل اب زہر کھانے کیلئے


[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# بلوچستان جدید

١٦ر اپریل ١٩٣٤ء

## بلوچستان اور تعلیمات اسلامیہ

بلوچستان کا خطہ [illegible] اسلامی [illegible] جہالت کی - تمدنی معاشرتی اور اقتصادی لحاظ سے تباہ حال ہے - وہاں مذہبی [illegible] اسلامی تعلیمات سے بھی مرقن ہو گئیں دور جا پڑا ہے - بلوچ قوم کی کوتاہیاں [illegible] ہیں - کہ ان پر دل کھول دیا جائے - مگر ایک قوم [illegible] کے اپنے پاک مذہب اور اسکی مقدس تعلیمات کو بھلا دینا صرف افسوسناک ہی نہیں - بلکہ اس قوم اور اس ملک کی تباہی کے لئے ضرورت سے زیادہ کافی ہے۔

مسلام دنیا اور دنیا والوں کے لئے سلامتی لے کر آیا - اسکے فرزندوں نے صرف اپنے آپ کو ہی برائیوں سے پاک نہ کیا - بلکہ دنیا کی گمراہ قوموں اور ملکوں کو صراط مستقیم پر لا دیا - مگر ہائے بدبختی! ہم بلوچستان کے مسلمان اوروں کو راہ راست پر لانے کی بجائے خود گمراہ ہو کر اور بری رسموں کے ایسے شرمناک اور تباہ کن زرغے میں پھنس گئے ہیں - جنکے بیان کرنے سے بھی ہمیں شرم آتی ہے - دختر فروشی - زر خون - بندہ و آقا - اعلے و ادنےٰ کا شیطانی فرقہ بندیاں اور بے زبان عورتوں کی وراثت سے محرومی کی الناک تباہ کاریاں اس قابل ہیں - کہ ان پر خون کے آنسو بہائے جائیں - ہماری گردنیں شرم کے مارے جھک جاتی ہیں - جب ہم دیکھتے ہیں کہ بلوچستان کے مسلمان ہم جیسی آدمی اپنی عزیز مگر بے زبان لڑکیوں کو فروخت کرتے ہیں - ہم کانپ اٹھتے ہیں - جب دیکھتے ہیں کہ ہمارے بھائیوں نے انسان کے قیمتی خون کی قیمت چاندی کے چند گول گول ٹکڑے مقرر کر رکھے ہیں - اور بھی خاندانیت کے لحاظ سے ہماری آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجاتا ہے - جب دیکھتے ہیں - کہ بلوچستان میں بسنے والے مسلمانوں نے خدا اور رسول کے احکامات کے خلاف اعلےٰ و ادنےٰ کی ایسانہ تفریق اور بے زبان عورتوں کی حق وراثت سے محرومی اپنا شیوہ بنا لیا ہے ہم اپنے بھائیوں کی ہر گمراہی کو برداشت کر سکتے ہیں - مگر انکی اسلام سے روگردانی ہم سے دیکھی نہیں جا سکتی - ایسی حالت میں ہم انکو کہیں گے اور بھی ابھر کر کہیں گے - ہر انسان مذہبی جذبات اور تاثرات میں [illegible] جو ہر تا [illegible] امر کے لئے صرف مشکل ہی نہیں - بلکہ قریب قریب ناممکن ہو جاتا ہے چنانچہ انکو مذہبی معذوریوں سے ہم کی گذشتہ قریبی اشاعت میں بیان کر کے کہا گیا - بلوچستان بلوچستان نہیں بلکہ قبرستان ہے - بھلا یہ کہاں کی مسلمانی ہے کہ ہم یوں ہی چلے جا رہے ہیں - کہ ہر جرگے کے فیصلے بجائے رسومات کے شریعت

کے مطابق ہوا کریں - اور سردار انکی مخالفت میں اپنی تمام فرعونی قوتیں صرف کر رہے ہیں - جبکے معنے یہ ہوئے - کہ ان کے نزدیک انکی کردہ رسمیں شریعت سے بہتر ہیں - اس سلسلے میں زیادہ رلا دینے والی عوام کی خاموشی ہے - جو ظاہر کرتی ہے کہ - وہ بھی اپنے سرداروں کی طرح اپنی قبیح رسموں کو شریعت سے اچھا سمجھتے ہیں - تو ایسے خطے کو اگر قبرستان نہ کہا جائے تو کیوں؟

## بلوچستان کے تعلیمی وظائف

.....

بلوچستان ایک غیر زرعی اور مفلس ملک ہے - وہاں ذرائع آمدنی ایسے [illegible] ہیں - کہ ایک آدمی کما پی کر بمشکل اتنا بچا سکتا ہے کہ وہ اپنی اولاد کو تعلیم [illegible] دے سکے - یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کے باشندے آج بھی تعلیم [illegible] ہیں پر اگر کوئی یہ کہے - کہ وہاں کے باشندے کو تعلیم حاصل [illegible] شوق نہیں - تو اس قسم کا اعتراض صرف غلط ہی نہیں بلکہ بے بنیاد ہوگا - [illegible] تجربات و مشاہدات اس کے برعکس ہیں - پچاس ساٹھ سالوں کے اعداد و شمار صاف طور پر بتلاتے ہیں کہ آج سے بیس برس قبل سکولوں میں صرف دس دس اور بارہ بارہ طلبا تعلیم [illegible] چھ برس پہلے [illegible] تعداد طلبا اور چالیس [illegible] تھی - اس سے ثابت ہوتا ہے - کہ بلوچستان کے لوگوں کو تعلیم حاصل کرنے کا شوق ہے - کیونکہ اگر ان میں اس قسم کا شوق نہ ہوتا - تو آج سکولوں میں طلبا کی تعداد [illegible] زیادہ ہوتی - مگر اسکے بالکل برخلاف آئے دن دیہاتی مدارس میں طلبا کی تعداد گھٹ رہی ہے - البتہ شہروں اور مرکزوں میں جہاں کماتے پیتے لوگ رہتے ہیں - سکول ترقی پر ہیں - ان تمام باتوں کے پیش نظر وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ وہاں کے لوگوں کو تعلیم سے نفرت نہیں - بلکہ انکی مفلسی انکی تعلیم حاصل کرنے کی راہ میں ایک بہت بڑی رکاوٹ ہے - جسکے دور کرنے کا فرض حکومت پر عائد ہوتا ہے - ہمیں بہاں اس امر کا اعتراف ہے - کہ اس نے بلوچستان کے مفلس باشندوں کی اس ناجائز تکلیف کو رفع کرنے کے لئے سرکاری وظائف مقرر کر رکھے ہیں - یہ امر بات ہے - کہ وہ تھوڑے ہیں - وہاں ہم کچھ حقیقت کو بھی ظاہر کئے بغیر نہیں رہ سکتے - کہ اس کے عمال اس قسم کے تعلیمی وظائف اصلی حقداروں کو نہیں دیتے - ہمیں معلوم ہے - کہ کئی سالوں تک کالج کے وظائف تو بجائے بلوچستانیوں کے لئے ایک طرح ممنوع ٹھہرائے ہوئے تھے - اور سکولوں کے وظائف ان لوگوں کے بچوں کو دئے جاتے ہیں - جو آج خود دولت مند اور ترقی یافتہ سمجھے جاتے تھے - یا کبھی [illegible] سردار

کا مستحقات تھیں - پچھلے سال سکولوں کے وظائف میں طرح سرداروں - خانوں [illegible] اور اچھی بڑی تنخواہ پانے والے سرکاری ملازموں کے بچوں کو دئے گئے ہیں - اس سے بلوچستان کے مفلس اور حقدار طبقہ غافل نہیں - اب تعلیمی سال کی ابتدا ہے - اسلئے ہم بلوچستان کی حکومت سے یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے - کہ اگر وہ بلوچستان میں تعلیم پھیلانا چاہتی ہے تو اپنے متعلقہ عمال کو ہدایت کر دے - کہ وہ وظائف غریبوں اور حقداروں کو دیا کریں -

## لوکل مسلم ایسوسی ایشن کوئٹہ کی زبوں حالی

### ملک کے متمول طبقے کی افسوسناک بے اعتنائی

دنیا کی قوموں کے فنا و بقا کے قصے بتلاتے ہیں - کہ ایسی قومیں ہمیشہ خوار و خراب اور ذلیل و رسوا رہیں - جن میں اجتماعی زندگی اور بانٹ کر کھانے کے اصول نا پید تھے - کیونکہ ہر قوم اور ہر ملک کا غریب طبقہ سوائے اسکے اور کیا کر سکتا ہے - کہ وہ اپنی بہتری اور بہبودی کے لئے ہاتھ پاؤں مارے انکی ایسی کوششوں کے عملی صورت پیدا کرنیکے لئے سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے - جسکا فراہم کرنا دولت مندوں اور سرمایہ داروں کے ذمے ہوا کرتا ہے - اس فطری مگر غیر محسوس اصول کے تحت بلوچستان کے مرکز کوئٹہ میں ایک انجمن بنام لوکل مسلم ایسوسی ایشن کی بنیاد ڈالی [illegible] کے متوسط طبقے نے اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق اسکی مدد کی -

گذشتہ سال اپریل میں بڑی دھوم دھام سے اسکا سالانہ اجلاس منعقد ہوا - ملک کے سرداروں دولت مندوں اور سرمایہ داروں کے نام دعوت نامے بھیجے گئے مگر سوائے چند بزرگوں کے کوئی تشریف نہ لایا - کیونکہ کوئی ٹی پارٹی یا ڈنر تو تھی نہیں - کہ ہمارے سردار لمبی چوڑی مسافتیں طے کرکے شامل ہوتے -

غرض جلسہ ہوا بڑی طول طویل اور گرما گرم تقریریں ہوئیں - قرار دادیں پاس کی گئیں - اور [illegible] تحریک اور درخواست چندہ ہونا شروع ہوا - حاضرین نے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر چندہ لکھوایا - کیونکہ ادا تو کرنا ہی نہ تھا - [illegible] سے [illegible] کیا ہے؟ ان لکھے ہوئے چندوں سے جیسے قدر اور آخر سال [illegible] مفلس سرداروں کے کسی نے پھوٹی کوڑی تک مرحمت نہ فرمائی [illegible] بلوچستان کے سرمایہ داروں پر انکی افسوسناک ذہنیت - [illegible] عوت ہوتی تو دنیا دیکھتی کہ یہی اور بالکل یہی سردار ایک [illegible] چڑھ کر روپیہ بہاتے -

ہمیں معلوم ہے - کہ وہ تین سال کے قلیل عرصہ [illegible] کی قدر و خدمات انجام دی ہیں - کالج اور سکولوں کے مفلس [illegible] اور حقداروں [illegible] کو وظائف دے جا رہے ہیں - خوشی تعلیم کو پھیلانے میں [illegible] حکومت سے انجمن مذکور اپنی امکانی کوششیں صرف کر رہی ہے - ہمیں اسکی مالی [illegible] کا بھی علم ہے - مگر دیکھ ہے ہم اسکے مفلس کارکنوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اللہ اور اسکے برگزیدہ رسول پر توکل کرکے کام کئے چلے جائیں - اگر اللہ کو اپنے دس لاکھ بندوں کی بہتری منظور ہے - تو وہ مسبب الاسباب ہے اس کے لئے کوئی مشکل

Yousaf Aziz Magsi Chair

رات کھول رکھا - مگر ہمیں اپنے ملک کے دولت مند اور سرمایہ دار طبقے پر بے حد افسوس ہے - کہ اللہ نے ان کو دولت سے بے حد نوازا - مگر وہ سرفلک عمارتوں میں رہیں - خوبصورت موٹروں میں سیر کریں - نفس کو سرکش کرنے والی خوراکیں کھائیں - اور لباس پہنیں مگر اللہ کی دی ہوئی دولت سے غریب طلبا اور مستحقوں کو بھی حصہ دیں - ان کو معلوم ہونا چاہئے - کہ اگر یہی روش رہی تو ان کی سرمایہ داری کا جس کا دارومدار ہی غریبوں پر ہے یقینی خاتمہ ہو جائیگا اس واسطے بلوچستان کے ہر انسان سے مذہب - اخلاق - قوم اور ملک کے پاک نام پر عرض کرتے ہیں - کہ وہ بلوچستان کی اس واحد انجمن کی مالی امداد فرما کر ملک و قوم پر ایک احسان عظیم کریں - جسکے بدلے اللہ پاک ان کو جزائے خیر دیگا -

## ... مجاہد بلوچستان خان عبدالصمد خان اچکزئی

کو تین سال قید کی سزا

بلوچستان کے رسوائے عالم اور تباہ کن جرگے کی ... اور تباہ کاریاں ... ختم کیا جائے - ... بلوچستان کے طول و عرض میں ... خلاف غم و غصہ کی ایک لہر دوڑ رہی ہے - خیر خواہ بلوچستان میر عبدالعزیز خان ... کی مظلومیت کی المناک داستان ابھی ختم نہ ہونے پائی تھی ... خان ... کو تین سال کی سزا دیکر دنیا کے سامنے اپنی محرومیت کی ... اور نفرت انگیز مثال پیش کر دی - اور بلوچستان کے باشندوں کے ... ہاتھی کی -

... کا عرصہ ہوا - خان صاحب موصوف کو اصلاحات مانگنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا اور کراچی کی تقاریر کے سلسلے میں پشین کی عدالت میں ان کے خلاف زیر دفعہ ۱۲۴ فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن ایکٹ مقدمہ چلایا جا رہا تھا جسے بعد میں ... نامعلوم وجوہات ... کے پیش نظر بجائے ۱۲۴ کو تعزیرات ہند کر دیا -

بڑی تعجب کا مقام ہے - کہ مقدمہ تو پشین کی عدالت میں دائر کیا گیا جسے ... کا بعد آخری فیصلہ دینا چاہئے تھا - مگر ایسا نہیں ہوا - بلکہ پشین میں ایک پولیٹیکل ... اور مقدمہ اسکے حوالے کر دیا گیا - کسی طرح بھی اس قسم کے مقدمے کے سننے اور فیصلہ کا حق نہیں پہنچتا - کیونکہ جرگے کے روبرو وہ مقدمات پیش ہوتے ہیں - جو یا تو رسم و رواج کے متعلق ہوں - یا قبائلی نزاع کی صورت لئے ہوئے ہوں - خان صاحب موصوف کے مقدمہ میں اس قسم کی کوئی بات نہیں - وہ باقاعدہ ایک قانونی مقدمہ تھا - جسکا فیصلہ عدالت کو ہی کرنا چاہئے تھا - کیونکہ جس صورت میں ممبران جرگہ ... جانتے ہی نہیں - دفعہ ۱۲۴ فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن ایکٹ اور دفعہ ۱۲۴ تعزیرات ... کے نام ہیں - تو وہ انکی خلاف ورزی کرنے والے کو سزا دینے کے کیسے مجاز ہو سکتے ہیں - خیر یہ ایک قسم کا معمہ ہے جسے اگر ضرورت پڑی تو ہم حل کر کے دکھا دینگے - سردست ہم صرف اس قدر بتلا دینا چاہتے ہیں - کہ خان صاحب موصوف کا مقدمہ ... کے نام نہاد جرگے کے پیش ہوا - جس نے ان کو تین سال سزا دیکر بلوچستان والوں پر ... بلوچستان والوں پر عموماً ایک اور دفعہ ثابت کر دیا - کہ جرگہ تباہی کا دوسرا نام ہے جرگے نے تو خان اچکزئی کو سزا دیکر اپنی وطن و قوم پروری اور حق و انصاف کا ... دکھا دیا - مگر ہم ایک حکومت کو قصور وار نہیں گردانتے کیونکہ پولیٹیکل ایجنٹ ...

نے ایسی مقدمہ ہی ... جرگہ میں کے سپرد کی - کیونکہ جرگہ بے تکلف چینی کرتا یا حکومت کے کلام کو ترکی ... اور ... اصلاح چاہنا کوئی جرم نہیں - ہاں اگر ملزم کی تقاریر میں اس قسم کے الفاظ اور جملے ہوں جن سے یہ ثابت ہو کہ اسکی نیت حکومت کے خلاف بغاوت پھیلانا تھی - تو اس صورت میں وہ مجرم ہے - جسکے لئے جرگہ سزا تجویز کرے - جرگہ نے اپنی طرف سے سزا تجویز کر لی ہے - مگر ان کا یہ فیصلہ آخری فیصلہ نہیں - کیونکہ اسکا آخری فیصلہ اس وقت تسلیم کیا جائیگا - جب مسٹر پروپولیٹیکل ایجنٹ کوئٹہ پشین کی مہر تصدیق ثبت ہو گی - ہمیں مسٹر ... جیسے انصاف پسند انگریز سے پوری توقع ہے - کہ وہ ایک بے گناہ کو ایسی سنگین سزا دینے کی کبھی جرات نہ کرینگے - ساتھ ہی ہم حکومت کو بھی پیشتر از وقت یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں - کہ بلوچستان کے باشندے پہلے ہی میر صاحب کے سلسلے میں حکومت سے کافی مایوس اور بددل ہو چکے ہیں - اور سمجھنے لگے ہیں - کہ جرگہ کے فیصلے اس کے اپنے فیصلے نہیں ہوا کرتے - بلکہ حکومت کے ہی ہوا کرتے ہیں - لہذا اگر اس موقعہ پر بھی حکومت نے جرگہ کا ساتھ دیا - تو حکومت کے لئے بلوچستان کے دلوں کا اعتماد حاصل کرنا صرف مشکل ہی نہیں - بلکہ قریب قریب ناممکن ہو جائیگا - اس لئے حکومت کو چاہئے کہ جرگہ کے غیر منصفانہ بلکہ ستمگرانہ فیصلے پر خط تنسیخ کھینچ کر خان صاحب موصوف کو رہا کر دے تاکہ دنیا پر یہ حقیقت بھی کھل جائے - کہ جرگہ کے فیصلے حکومت کے فیصلے نہیں ہوا کرتے -

اگر باوجود ان تمام باتوں کے حکومت نے بھی پشین کے جرگہ کی ناعاقبت اندیشانہ تجویز در مفارش پر آمنا و صدقنا کر دیا - تو جرگہ کے تمام غلط اقدامات کی ذمہ داری حکومت پر ہو گی - اور دیدہ والوں کو یقین ہو جائیگا - کہ جرگہ اس قسم کی آڑ ہے جسکے پردہ میں حکومت جو چاہتی ہے - کرتی ہے -

مقدمہ کی ابھی تک تفاصیل اور جزئیات موصول ہو چکی ہیں - جنہیں ہم کسی اور صحبت کے لئے اٹھا رکھتے ہیں - البتہ ایک بات جو خاص طور پر قابل ذکر ہے - وہ یہ کہ پولیٹیکل ایجنٹ کا اصل مقصد جرگہ ... کے انصاف پر مبنی تھا - اگر ممبران جرگہ اسکے عین مطابق مقدمے کی تحقیقات کرتے - تو خان صاحب موصوف کا بری ہو جانا یقینی تھا - مگر انہوں نے کیسے کیسے اور ... جنکی خان صاحب سے ذاتی عداوت تھی - انہیں ... آخری فیصلہ کا انتظار کر رہے ہیں - جسکے بعد ایک ایک بات وضاحت کے ساتھ بیان کر کے حکومت پر واضح کر دینگے - کہ کس طرح ... اور ممبران جرگہ ذاتی خصومتوں اور غرض مندیوں کے پیش نظر اپنی من مانی کارروائیاں کر کے حقائق و معارف پر پردہ ڈال دیتے ہیں - ہمیں یقین ہے - کہ خان اچکزئی کو جس بے دردی سے سزا دی گئی - اس سے حکومت غافل نہیں ہو گی - ان حالات میں ہم اس قسم کے مذموم رویے کے خلاف بے شدید احتجاج بلند کرتے ہیں - اور بلوچستان کے چیف کمشنر سر ... سے حق و انصاف کے نام پر درخواست کرتے ہیں - کہ وہ از رہ انصاف و رعایا پروری ایسی بد عنوانیوں کا انسداد کر کے بے گناہ لوگوں کو حبیثوں اور عذابوں کے پنجے سے چھڑائیں - کیونکہ اگر حکومت کے عمال اور جرگہ کے ممبر انتقام لینے پر اتر آئے - تو ملک کے کئی بے گناہ ان کے ہاتھوں جیلوں کی نذر ہو کر اپنی عزیز اور قیمتی عمریں ختم کرنے پر مجبور کئے جائینگے - جو تاجِ برطانیہ کے منافی پر ایک بدنما داغ ہو گا -

# تبصرات

## شامت اعمال ما صورت نادر گرفت

بے ہوشی کی جب موت آتی ہے - تو ایسے ہی بہتر ہیں - ایک وطن گڑھ ممبر جرگہ نے ممبری میں اضافہ بدست ہو گئے - کہ ایک قومی رہنما کو سنگین سزا دینے میں اپنی ایڑی چوٹی کا زور لگایا - بیچارے کو کیا معلوم تھا - کہ اللہ میاں سے جزائے خیر ملنے سے پہلے اسکے نیک جذبہ کی داد کو اخبارات کے ہاتھوں سے پڑنے لگے - ندمت کو کیا جا رہا ہے وہ آنکھیں - اخبارات کو موضوع ہاتھ لگا - ممبر صاحب کو دے رگڑ دے رگڑ پر رگڑ دیا اور وہ گت بنائی کہ بس اللہ کا نام ہی ہے - جو بیچارے پر گزر رہی ہے - بیچارے زندگی کو بدحواسی کے عالم میں اپنے کو چھپنے اٹھتے بیٹھتے روتے جھکتے پھسلتے گرتے پڑتے اپنے علاقے کے انگریز پولیٹیکل ایجنٹ کے پاس فریاد لیکر جا موجود ہوئے - ضرورت سے زیادہ جیسے ویسے اور کیا کچھ خوب کو کیا معلوم تھا - کہ ان کی داد کا گلی گلی انگریز کیلی ملک و قوم بیچنے کو ایک دنیا اٹھتی ہے - ممبر صاحب جیسے وطن فروشوں کے کانوں میں کب ڈالنے والے تھے - بیچارے حیرت میں آئے ہوئے ممبر صاحب نے بھرائی ہوئی آواز اور ڈبڈبائی آنکھوں سے ہاتھ جوڑ اور گڑگڑا کر درخواست کی کہ حضور بندہ نے اس خیال سے کہ آپ خوش ہونگے - فلاں کو سزا دینے میں خوب خوب زور لگایا - مگر اب اخبارات نے میرا ناک میں دم کر رکھا ہے - لہذا میری مدد فرمائیے - میں تو دنیا کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہا - افسر مذکور نے ایک ... نگاہ میں تو جواب دیا - کہ جس ابن الوقت نے اپنے ملک کے ساتھ نہیں دیا - وہ وقت آنے پر اور کیا کسی کے ساتھ دیگا - یہ تھا ما جواب دیکر ممبر کو ٹکا سا دیا - کہ آپ کو کس نے کہا تھا - کہ ایسا غیر منصفانہ فیصلہ کریں - آف ! بیچارے کے حواس پر برق تو کوند گئی - پاؤں تلے سے پانی بہہ گیا - امید کا دیا بس نے غرق کر دیا - پاؤں ڈگمگا گئے - آنکھیں ... تلے اندھیرا چھا جاتے ہیں - رنگ فق ہو گیا - زبان ... اختیار ... پر سے ... ممبر صاحب نے ... اور آپ خشتاپ کے سر گرم راہ کرنے -

... ممبر صاحب کی حالت پر رحم ... دیا - ... اور اپنا ... لیکر وہاں سے ... ہوم رہا ... ہیں تو ممبر صاحب کی بے کسی پر رو رو کر رحم آتا ہے ... برابر کہے جاتے ہیں کہ اچھا ہوا ... معلوم ہوا -

ہمیشہ تو خوب ڈھونڈھ نکالا چلا رکا

لیکن ملا نہ گلنے کو بوٹ یار کا

Yousaf Aziz Magsi Chair

# ادبِ لطیف

## سرابِ زندگی

( از صالح محمد )

سمندر کی سطح پر اپنی چھوٹی سی کشتی میں بیٹھا ہوا بار بار جال پھینک رہا تھا۔ ہر مرتبہ جال میں مچھلیوں کی بجائے چند خوشنما پتھر نکلتے... وہ بہت خوش تھا۔ کیونکہ وہ یہ سمجھ رہا تھا کہ قیمتی پتھر ہیں۔ جو اس کی زندگی کو خوشحال بنا دیں گے۔ لیکن اسے خبر نہ تھا کہ یہ پتھر دیکھنے میں ہی خوبصورت ہیں۔ دراصل حقیقت میں ... کے وزن سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے۔ ہر بار جال پھینکتا رہا۔ اور بے حقیقت خوشنما پتھروں سے اپنی کشتی کو بھرتا رہا۔ یہاں تک کہ کشتی پتھروں سے بھر گئی۔ اور پتھروں کے وزن کی وجہ سے ڈوبنے لگی۔ تو ملاح گھبرا گیا۔ اور اسے اپنی غلطی کا اب احساس ہوا لیکن احساس بعد از وقت تھا۔ کیونکہ کشتی ڈوب چکی تھی۔

کیا تمہیں معلوم ہے کہ اس کشتی کی اصل حقیقت کیا ہے۔ اور یہ بے نصیب ملاح کون ہے۔ تم خود اس سے واقف ہو۔ یہ کشتی انسانی زندگی ہے۔ اور سمندر زندگی کی رو۔ خوشنما پتھر انسانی گناہوں کا وہ مجموعہ ہے جو نادان انسان غلطی سے اچھا سمجھ کر اپنی زندگی کی کشتی کو بھرتا چلا جاتا ہے اور آخر کار ایک روز یہ زندگی کی کشتی ان گناہوں کی وجہ سے ڈوب جاتی ہے۔

اے نادان معصیت پسند انسان اگر تو سیلاب حوادث میں اپنی کشتی کو غرق نہیں کرنا چاہتا تو ایسے گناہ سے بچ۔ جو بظاہر خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔ اور حقیقت میں تباہ کن ہوتی ہے۔

## نسیم!

( از جناب آخوندزادہ عبدالقدوس صاحب یاسین زئی قلعہ عبداللہ )

نسیم! تو شاید وہی ہے جو مشک ختن کی خوشبوؤں سے مشام سحر کی فضا میں دل آویز خیال پیدا کیں۔ جس نے وادی کشمیر کو صد رشک گلزار اور دہلی وان کو صد غیرت جنان بنا دیا۔ جس نے نازک اور خوبصورت پھولوں میں نکہت اور زیبائی دی۔ دنیا کی خوشنمائیاں تیری بدولت ہیں۔

نسیم! ہاں! اے نسیم!!! اگر تو وہی ہے۔ تو خدا را جلد کر گلشن بلوچستان مرجھا گیا ہے اس کے گل ... ہو چکے ہیں۔ ہرات، طوران، اصفہان، طہران، انجمن ویرشند کی شادابیوں کا شمار کی دیر کے لئے خیال چھوڑ۔ اور بلوچستان کی پژمردگی کا سرسری ... سے دیکھ کر اپنے خوبصورت آغوش میں لے۔ اس ... خطے کی تمام رنگینیوں اور بد بختیوں کو دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچا۔ اس کی مظلومیت کی الم ناک اور دل ... کو تڑپا دینے والی داستانیں وسیع دنیا میں بسنے والے ہر نوع انسانی کے حدود تک سنا۔

اے سوئے ہوئے بلوچستان کیا تجھے غفلت نے تیری آنکھوں پر بھی پردے ڈال دئے ہیں۔

کیا تو نہیں دیکھتا کہ تیری خدمت کرنے والے فرزند مصیبتوں میں گھرتا رہے ہیں قدرت نے نسیم کو مجسم صورت میں تیرے سامنے بھیجا ہے۔ اٹھ اور اس کا ساتھ دے۔ تاکہ تیرا اجڑا ہوا چمن پھر آباد ہو جائے۔

## بقایا صفحہ ۵

کہ یہ فقرہ سوالیہ ہے۔ یہ قانون کی گرفت میں آ نہیں سکتا۔ تو جب عمرانی جرگہ کی نگاہیں پولیس کی کمیں گاہ سے حاجب المنیٰ... ادا نے اپنی صداقت آمیز تلخ تبسم کے ذریعہ ظاہر کی اور جرگہ بالا قہقہہ سے ترجیح اٹھا۔ غرضیکہ اسطرح کبھی بحث نرم اور کبھی تیز کبھی خاموش اور کبھی خوفناک پہلو اختیار کرتی گئی۔ جب خان اچکزئی نے عمرانی جرگہ کو سمجھایا۔ کہ دفعہ ۱۲۴ الف سرحد کا قانون اور دفعہ ۱۲۴ الف میں صرف یہ فرق ہے۔ کہ مؤخر الذکر میں ملزم کی تحریر یا تقریر سے ارادہ یہ ہو۔ کہ اس سے بغاوت پھیلے۔ اور اول الذکر میں یہ ضروری نہیں ہے۔ بلکہ محض اندیشہ اور شبہہ ہوتا ہے۔ مجسٹریٹ نے زور دیکر کہا کہ دفعہ ۱۲۴ الف میں بھی ارادہ اور نسبت کا ثابت ہونا ضروری نہیں۔ چنانچہ قانون کی کتابیں لائی گئیں۔ اور پڑھی گئیں۔ مگر اکثریت قائم ہوتا تھا اور نہ ہوسکے۔ خان اچکزئی کے بیان کے بعد مجسٹریٹ کا وہ بیان پڑھا گیا۔ جو مقدمہ کے متعلق پولیٹیکل ایجنٹ کے پاس بھیجا ہوا تھا جس میں چند فقرے قابل غور ہیں۔

ملزم نے اپنی حیدرآباد والی تقریر میں کہا ہے۔ کہ سرحدی لوگ حکومت کی ایماء سے ڈاکے ڈالتے ہیں۔ اور افسروں کو مارتے ہیں۔ ملزم نے صفائی اس لئے پیش نہیں کی کہ اسکے پاس صفائی کے گواہ ہی نہیں۔

ملزم کا ارادہ ہے۔ کہ حکومت کو تہ و بالا کر دے۔ ملزم کی سرگرمیاں اپنے گاؤں اور باہر اسکی نگاہ میں۔ کہ دفعہ ۱۲۴ الف کی زد میں آتی ہیں۔ اس لئے میں چاہتا ہوں۔ کہ اسکے برخلاف مقدمہ دفعہ ۱۲۴ قانون سرحد کی بجائے دفعہ ۱۲۴ الف چلایا جاوے دفعہ ۱۲۴ الف کے لئے اگرچہ جناب ایجنٹ گورنر کی منظوری ضروری ہے۔ مگر بلوچستان کی ... نہیں ... میں بلوچستان کا کریا قانون ایسا لکھا ہے۔ لیکن اس قانون کی تعمیل ... پولیٹیکل ایجنٹ کی دفعہ ۱۲۴ کی منظوری کا حکم سنا گیا ... کہ انہوں نے منظوری کی ایجنٹ گورنر سے جیسا کہ قانون حاصل کی ہے یا نہیں ... پولیٹیکل ایجنٹ کا وہ حکم سنایا گیا۔ جسکے ماتحت مقدمہ کو جرگے کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ جو مفصل اور حقیقت پر مبنی تھا۔ وہاں صاف تحریر تھا کہ حکومت کے نظام کو برا کہنا۔ اور اس پر نکتہ چینی کرنا باسمہ اصلاح جائز ہے۔ اصلاحات ... جرگہ کو نہیں کہنا جرم نہیں ہے۔ البتہ اگر قصداً اور ارادۃً ... لوگوں کو استعمال کی کوشش کرنا جرم ہے۔ پھر کہا گیا کہ ملزم کو صفائی کے لئے پورا موقع دیا جاوے۔ اسکے بعد جرگہ والوں نے خان اچکزئی کو کہا۔ کہ ہم تمہیں موقع دیتے ہیں۔ کہ تم صفائی پیش کرو۔ تو خان اچکزئی نے درخواست کی جن صفائی ... رفع کرادیا جاوے۔ مگر مجسٹریٹ نے خواہ مخواہ خلاف قانون و انصاف بغیر مقدمہ کے دفعہ کو بدل دیا ہے۔ اور اسکے بعد مجھکو صفائی کے لئے حاضر خانت پر رہا کر دو۔ تاکہ میں گواہ پیش کر سکوں جسے پولیٹیکل ایجنٹ نے اپنی بہانہ نامنظور کیا۔ کہ اپنے گواہ ہیں۔ کا بہرست مرتب کر کے مجکو دیا جاوے۔ تو ہم سرکاری طور پر انکو منگوا لینگے۔ جسے خان اچکزئی نے نامناسب سمجھا۔ اور صفائی پیش کرنے سے انکار کیا۔ جرگہ کے ممبروں نے کہا ہم بحیثیت ایک بھائی کے کہتے ہیں کہ جو کچھ آپ نے کہا ہے۔ وہ سب درست ہے۔ ہم بھی چاہتے ہیں۔ لیکن آپ نے الفاظ قدرے سخت استعمال کئے ہیں۔ مثلاً حکومت بیوقوف ہے۔ مکار ہے۔ ظالم ہے۔ وغیرہ وغیرہ کیا ایسے بجائے دوسرے الفاظ نہیں ہو سکتے تھے۔ اس پر مجسٹریٹ نے اپنے سر کی شال دی۔ کہ میرے کا سر پر بال نہیں ہیں۔ مگر ایک شخص مجھکو گنجا کہدے۔ تو میں ناراض ہو جاؤنگا لیکن اگر کہدے کہ آپکے سر پر بال نہیں ہیں تو میں پرواہ نہیں کرونگا۔ کورٹ انسپکٹر نے کہا کہ پنجابی میں مقولہ ہے۔ کہ اندھے کو اندھا نہیں کہنا چاہیے۔ عمرانی جرگہ نے خان اچکزئی سے کہا کہ

زنگی جراتی اور عیال وغیرہ پر کچھ ترس آتا ہے۔ لیکن ملک کے افسر وغیرہ آپسے ناراض ہو گئے۔ آپ ان الفاظ کی سختی کے لئے معافی مانگنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعات اور مقاصد سب درست ہیں۔ البتہ الفاظ کی سختی ناجائز ہے جسکے لئے شرافت کا تقاضا یہی ہے کہ معافی مانگ لی جاوے۔ اس پر خان اچکزئی نے کہا۔ کہ میری زندگی کے مقاصد چار ہیں۔ (۱) اشاعت تعلیم اسلام و (۲) علوم جدید و (۳) اظہار صداقت (۴) اپنے ملک کے لئے بہترین حکومت۔ جو میرے ان مقاصد اربعہ کو نقصان نہیں پہنچائی۔ میں اسکے کرنے پر طیار رہوں۔ الفاظ کے لئے میں ذاتی طور پر ہر اس انسان سے معافی چاہتا ہوں۔ جو رنجیدہ ہو۔ اور جسکو رنج پہنچا ہے۔ اسکے اس اظہار کے بعد عمرانی جرگہ مطمئن تو ہو گئے۔ مگر مجسٹریٹ اور کورٹ انسپکٹر نے بعض تفصیلات پر بحث شروع کر دی۔ جس میں کئی ممبر بھی پیچھے ... کسی صاحب نے ان سے دریافت کیا کہ یہ باتیں تو آپ نہیں لکھینگے؟ میں یہ ... کہا کہ یہ غلط ہے۔ میں سمجھتے ہیں یہ تمام مضامین دہرائے گا۔

اسکے بعد خان اچکزئی اور خان عبدالسلام خان کو باہر جانے کے لئے کہا۔ کچھ عرصے کے بعد انکو پھر بلایا۔ اور کہا۔ کہ کیا تم اس امر پر آمادہ ہو۔ کہ ان الفاظ کو یوں کہو۔ کہ وہ جرم تھے۔ خان اچکزئی نے کہا۔ کہ میں ایسا کہنے کے لئے بالکل طیار نہیں۔ کہ میرا اپنی طرف سے انکو نامناسب بھی نہیں کہونگا۔ صرف یہ کہونگا۔ کہ ان الفاظ کے لئے معافی چاہتا ہوں۔ جن سے آپ رنجیدہ ہوتے ہیں۔ یہاں مجسٹریٹ بڑا بڑبڑایا۔ خان اچکزئی نے جرگہ والوں کو خدا کی قسم دیکر کہا کہ آپ میری ذات پر ہرگز رحم نہ کریں۔ بلکہ مجھے زیادہ سے زیادہ سزا دیں۔ یا میری جماعت سے ملک اور حکومت کے مشترکہ مفاد کو جو فائدہ پہنچ سکتا ہے آپ بلا تامل تجویز کریں۔ اسکے بعد سردار غلام محمد خان ترین اور صاحبزادہ محمد ایوب کو خان اچکزئی کے ہمراہ دوسرے کمرے میں بھیجا گیا۔ جہاں ان دونوں نے اپنی مجبوری پر افسوس کا اظہار کیا۔ اور یقین کیا جاتا ہے کہ ایک کی آنکھوں سے آنسو بھی نکلے۔ اور کہا کہ خدا کے لئے اسقدر کہدیں کہ میں ان الفاظ کے لئے معافی چاہتا ہوں جنہیں جرگہ جرم خیال کرتا ہے۔ جسے خان اچکزئی نے منظور کیا۔ اسکے بعد خان اچکزئی اور خان عبدالسلام اور عبدالغنی تھانیدار کو باہر نکالکر جرگہ نے آپس میں گفتگو شروع کی۔ خانزادہ عبداللہ صاحبزادہ محمد ایوب۔ عبدالغفار خان۔ اور سید محی الدین نماز پڑھنے کے لئے باہر آگئے اور اندر صرف مجسٹریٹ کورٹ انسپکٹر اور سردار غلام محمد خان ترین رہ گئے۔ کچھ عرصے میں بیٹ ... کورٹ انسپکٹر اندر ... لکھوا رہے تھے۔ اور منشی شاہ محمد لکھ رہے تھے۔ جب فیصلہ ہوا۔ اور ... ہوا۔ تو جرگہ والوں نے نماز پڑھنے کے بعد آکر دستخط کئے۔ اور ملزم کو فیصلہ سنایا ... منتشر ہوا۔ خان عبدالسلام خان اچکزئی نے ... کے ... یہ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ انہوں نے عبدالصمد خان اچکزئی کو کہ تمام ... نہیں ... گرچہ ... مطالبہ اصلاحات وغیرہ کو جرم قرار دیکر کہا ہے۔ کہ تم جرم ... لیکن ... معافی مانگتا ہے۔ اسلئے اسے سزا دی جاتی ہے ... کچھ معافی دیکر ... کے لئے ... الفاظ ... دو ہزار کے لئے تین سال کے لئے تین ہزار کی ضمانت۔ اور تین ہزار ... جاوے ... فیصلہ سنانے کے بعد خان اچکزئی سے جب دریافت کیا گیا کہ منظور ہے۔ تو انہوں نے جواب میں کہا کہ تم جرگہ والوں نے مجھکو ایسی رائے سنادی جسکے سننے کے لئے ... نہیں سا ... کوئی شریف انسان اپنے متعلق ایسی رائے نہیں سن سکتا ہے۔ آپ لوگوں نے دعوے مجھکو زیر دفعہ ۱۲۴ الف مجرم ٹھہرایا ہے۔ مگر جھوٹا۔ فریبی۔ مکار۔ مفسد ... وغیرہ ... ہندوستانی ... بھی سب کچھ کہدیں

Yousaf Aziz Magsi Chair

اللہ اکبر

# خان عبدالصمد خان کے مقدمے کی کارروائی

(ہمارے نامہ نگار خصوصی کی قلم سے)

## پہلی پیشی

۱۰ فروری کو خان عبدالصمد خان اچکزئی کا مقدمہ سیشن کی عدالت میں پیش ہوا۔ پولیس نے زیر دفعہ ۱۲۴ الف استغاثہ دائر کرتے ہوئے شہادت میں حیدرآباد اور کراچی کی تقاریر کے حوالے دیے۔ مجسٹریٹ ... خانصاحب موصوف نے ذیل کا بیان دیا:

### ... مجرم کی خواہش

زیر کیا حق ... میں کیا صبر و قناعت والے

جن وجوہات کی بنا پر استغاثہ نے اس عدالت کو مقدمہ کی سماعت کے لیے منتخب کیا ہے۔ انہی وجوہات کی بنا پر اگر میں مقدمہ کو یہاں سے منتقل کراتا۔ تو حق بجانب ہوتا۔ ... تمام عدالتیں اور ہندوستان کی دیگر عدالتوں کی پیروی کرتیں۔ ... (ایسی حالت میں مجھے کوئی امید نہیں ہے کہ میرے سابقہ ... ) تو مجھے گواہان استغاثہ پر جرح وغیرہ جرح کرنے کا حق ہوتا۔ ... صفائی کے گواہ پیش ہوتے۔ جو لازماً حیدرآباد اور کراچی کے معزز شہری ہوتے۔ کیونکہ میری پروہ تقاریر جو بنائے استغاثہ ہیں۔ علی الترتیب ان دونوں مقامات پر ہوئی تھیں۔ مگر اس تمام سلسلہ پر بہت زیادہ وقت صرف ہوتا۔ جو استغاثہ اور عدالت کے لیے باعث تکلیف ہوتا۔ اور یہ مجھے منظور نہیں۔ مقدمہ کی میعاد کو مختصر کرنے اور عدالت کو استغاثہ کے تکالیف سے بچانے کے لیے ایک قیدی جو کچھ کر سکتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ میں مقدمہ کی کارروائی میں نہ حصہ لوں۔ اور عدالت کے کسی سوال کا جواب نہ دوں۔ میں عدالت اور استغاثہ کو بھی مشورہ دیتا ہوں کہ مقدمہ کی ان غیر ضروری طوالتوں کو (اگر شرط ... ہوں) نظر انداز کریں۔ جو میرے حصہ لینے کی صورت میں ضروری ہیں اور اسطرح اس ڈرامے کو جو ہم کھیل رہے ہیں۔ جلد تر ختم کر دیں۔ کیونکہ پہلی ہی سے کافی دیر لگ چکی ہے۔ چونکہ میں اس قسم کے مقدمات کے لیے غیر ضروری سمجھتا ہوں۔ جلد اصل کارروائی عمل میں لائی جائے۔ البتہ استغاثہ کی کارروائی کے اختتام پر میں اپنا ایک تحریری بیان پڑھ کر سناؤں گا۔ البتہ ٹھیک ہے مجھے جیل میں کم از کم ایک وقت کا غذا اور دیگر ضروری اشیاء مہیا کی جائیں۔

مجسٹریٹ نے مقدمہ کو ملتوی کر کے دوسری پیشی کی تاریخ ۱۹ مارچ مقرر کی

## دوسری پیشی

۱۵ مارچ کو مقدمہ دوسرے جرگہ جو کہ پانچ اصحاب پر مشتمل تھا کے پیش ہوا۔

خانبہادر عبداللہ جان صاحب، خانصاحب غفار خان اچکزئی، سردار غلام محمد خان ترین، سید محی الدین شاہ، صاحبزادہ محمد ایوب۔ جن میں سے سوائے خان بہادر عبداللہ جان اور حاجی عبدالغفار خان کے اور کوئی تعلیم یافتہ نہ تھا۔ مجسٹریٹ تھے۔ اور منشی شاہ محمد شل خوان تھا۔ اور سردار جیت سنگھ وکیل پولیس بھی موجود تھا۔

شروع میں مجسٹریٹ نے خان عبدالصمد خان اچکزئی کے چچیرے بھائی خان محمد ایوب اچکزئی کو مقدمہ کی سماعت کی اجازت نہیں دی۔ لیکن بعد میں جرگہ کے اصرار پر اجازت عنایت کی گئی۔ گواہان پولیس جب پیش ہونے لگے۔ تو ممبران جرگہ نے اپنی سابقہ عادت کے مطابق حلف کرو۔ اور بسم کرو۔ کی صدائیں بلند کیں۔ لیکن مجسٹریٹ نے کہا کہ پولیٹیکل ایجنٹ کا حکم ہے کہ ہر ایک جرگہ ممبر مقدمہ کو حفظ طور پر سنو۔ اور پڑھو۔ تب کہیں جا کر ممبران جرگہ خاموش ہوئے۔ پولیس گواہوں کی گواہی کے دوران میں جو کچھ پیش ہوتا تھا۔ اپنے چیچوں وچرا ممبران آنکھ بند تصدیق ثبت کرتے جاتے تھے۔ حالانکہ خان عبدالصمد خان اچکزئی وقتاً فوقتاً ممبران جرگہ کو بعض غلط فہمیوں کی طرف متوجہ کرتے جاتے تھے۔

جب اصطلاحات بلوچستان میں آیات قرآنی کی تلاوت کی باری آئی۔ تو پولیس اور عدالت ... تعلیم یافتہ عازمین جن میں بی۔ اے بھی شامل تھے۔ الفاظ ... جب ترجمہ کی باری آئی۔ تو اس اثنا میں مجسٹریٹ خانبہادر مسلمان عربی دان کی حیثیت سے زبانی شروع کی۔ ... کہ "حزب اللہ ..." اپنے سیاق و سباق سے ... ہے۔ اور یہ اسکا ترجمہ ... وہ غلط ہے بلکہ مجرم نے لوگوں کو دھوکہ میں ڈالنے کی خاطر آیت کا ...

جب "والعصر ان الانسان" پڑھا گیا۔ تو خان عبدالصمد خان اچکزئی نے عربی دان مجسٹریٹ کو توجہ دلائی۔ کہ یہ تو کوئی سورۃ ہے۔ اس پر اس نے فرمایا کہ یہ سورۃ کی ہے۔ اور حضرت عمرؓ کے اسلام قبول کرنے کے ساتھ نازل ہوئی۔ اور اسکے احکام اور "تلقین و تواصوا بالصبر و تواصوا بالحق" حضرت رسول اللہ صلعم کے لیے مخصوص ہے۔ اور بس یعنی مجسٹریٹ اپنے آپکو سرکار کی طرف سے مجسٹریٹی کے اختیارات کے مالک نہیں سمجھتے تھے۔ بلکہ خدا کی جانب سے بھی کلی اختیارات کے حامل اپنے آپکو سمجھے بیٹھے تھے۔

اس پر خان عبدالصمد خان اچکزئی نے استفسار کیا کہ آپ مجھکو تو سب کچھ کر سکتے ہیں۔ لیکن رسول اللہ اور کلام الٰہی پر کسی قسم کے حکم لگانے کا آپکو کوئی اختیار نہیں ہے۔ مہربانی کر کے آئندہ اپنے اس نوع شرح انسانی تفسیر سے معاف رکھیے۔

مجسٹریٹ تقریباً ہر آیت کو سمجھانے میں اپنا ... اور جرگہ کو زور لگاتے تھے اور جرگہ "آمنا و صدقنا" کہتے ہوئے بات پر سر تسلیم خم کرتے گئے۔ ذخوب گواہ بھی مجسٹریٹ خود تھے۔ جب تعلیم کا مسئلہ آیا۔ تو ممبران جرگہ نے کہا کہ یہ سچ ہے ہم آنکھو ملک کے لیے غذا سے زیادہ ضروری سمجھتے ہیں حکومت دوسرے معاملات پر روپیہ پانی کی طرح بہاتی ہے۔ لیکن کوئٹہ میں کالج نہیں بنا سکتی۔ جب عدالت سرکار کی رشوت ستانی کا ذکر آیا۔ تو پولیس گواہ محمد صدیق اور پولیس کے گیس جیت سنگھ نے خاص طور اس امر پر زور دیا کہ یہ بہتان جرم الزام ہے۔ اور غلط ہے۔ مگر ممبران جرگہ والوں نے اعلانیہ کہا کہ واقعی تمام عدالتیں رشوت لیتے ہیں۔ اور اسے مثالوں اور نظیروں سے ثابت کر دیا۔

خان عبدالصمد خان اچکزئی کی تحریک پر جرگہ نماز کے لیے منتشر ہوا۔ اور بعد از نماز پھر جرگہ بیٹھا۔ اور پولیس کے گواہ گزرنے لگے جرگہ کو لیگر ... نہایت چرب زبان اور ہوشیار تھا۔ ایک ممبر جرگہ نے مجسٹریٹ کو کہا۔ کہ آزادی کی تقریر بیان مفقود ہے۔ اور خلاصہ اس قسم عبداللہ کے نام بد ... مولوی مجرم کو روکے جانے کی دھمکی اور ایک ممبر نے کہا۔ کہ مجھے صرف اس جرم میں تین ماہ کے لیے زیر حراست رکھا گیا تھا۔ کہ میں جمعہ کی نماز پڑھتا رہا۔

دوسرے دن جرگہ کی نشست میں خان عبدالصمد خان اچکزئی کا عدالت میں دیا ہوا بیان شروع ہوا۔ ممبران کا رویہ بدل چکا تھا۔ یہاں تک کہ وہ ممبر جو کہتا تھا۔ کہ مجھے نماز جمعہ کی پاداش میں زیر حراست رکھا گیا تھا۔ کہنے لگا۔ کہ چونکہ حکومت کو علم تھا۔ کہ میں نے یہ نماز مقاصد مذمومہ کی تکمیل کے لیے شروع کی تھی۔ اسلئے مجھے گرفتار کیا گیا تھا۔ یہ ہے ... کا صحیح معیار۔ خان عبدالصمد خان کا بیان جو غیر معمولی طور پر طویل تھا۔ اور قرآن کریم کی آیات، احادیث، تاریخی واقعات۔ اور اسلاف کے جانفروشانہ اقوالات سے لبریز تھا۔ ممبران جرگہ اسے ایک افسانے اور قصہ کی طرح سنتے گئے۔ ایک صاحب جسکا نام لینا موزوں نہیں ہے۔ دوران بیان میں ... سو رہا تھا۔ اس سلسلہ میں مجسٹریٹ نے موجودہ ... رواج اور جرگہ ... پر ... چھوٹ کر ... کے محاسن پر روشنی ڈالی۔ دوران تقریر میں ... اور مزے کرتے گئے اور اس سرور و کیف میں ... گئے کہ ... اپنے مذہبی ... کا اظہار بھی کرتے گئے۔ اور فرمایا کہ شریعت کی رو سے بھی ان ... جرم ثابت نہیں ہو سکتا۔ ان پر ... کا الزام ... (... اور ... حکمت و دانائی اور ... کیا کہنے)

جب جرگہ ... انتخاب کی تجویز خان عبدالصمد خان اچکزئی کے بیان میں آئی۔ ... فرمایا ... اب کے موجودہ ... کا بجائے ... خان عبدالصمد خان اچکزئی نے کہا کہ ہندوستان کے دیگر صوبوں میں جہاں انتخاب کا ... کیا ... پھر ... ہوئے ہیں۔ ... خان عبدالصمد خان اچکزئی کے ... کی ... ہے ... حکومت کی تخت ... ہے۔ ... وجوہات کے ... خان اچکزئی کا بیان ...

Yousaf Aziz Magsi Chair

# بلوچستان کی خبریں

## میر صاحب سے ملاقات کرنے والوں پر پابندیاں۔

مچھ- عام دستور یہ ہے کہ کسی قیدی سے ملاقات کرنے والے حکام جیل سے اجازت حاصل کرکے ملاقات کر لیتے ہیں۔ مگر جیفیم بلوچستان میر عبدالعزیز خان کرد سے ملاقات کرنے والوں کو پولیٹکل ایجنٹ سے اجازت حاصل کرنی پڑتی ہے۔ چنانچہ پچھلے دنوں ان کا ایک قریبی رشتہ دار ان سے ملنے گیا۔ انکو ملاقات کی اجازت تو دیگئی مگر ملاقات کے وقت پولیٹکل ایجنٹ اور ای۔ اے۔ سی۔ مچھ غیر متوقع طور پر آ موجود ہوئے۔

(نامہ نگار)

## سب انسپکٹر پولیس پشین کی سخت گیریاں

پشین- تھانیدار پشین نے دو بھگنے والوں کو گرفتار کرکے جیل میں دیدیا۔ اور ان میں سے ایک ولی امی کو ۳ سال جرم کے لئے بہت بری طرح بدنی سزا دی۔ ملزمین کو جرگہ قلعہ عبداللہ کے پیش کیا گیا۔ جرگہ نے انکی مظلومانہ فریاد کو صرف اسلئے نہ سنا۔ کہ وہ ایک افسر کے خلاف تھی۔ ای۔ اے۔ سی۔ علاقہ نے بھی چشم پوشی اختیار کرلی ہے۔

(نامہ نگار)

## خان اچکزئی جیل میں اکیس دن روزہ رکھینگے

کوئٹہ- معلوم ہوا ہے کہ مجاہد بلوچستان خان عبدالصمد خان صاحب اچکزئی ۲۷ اپریل بروز جمعہ سے اکیس دن تک روزہ رکھینگے اور یہ روزہ حکومت حسب گرامی کسی اور جماعت کے کسی فعل کے خلاف احتجاج کے طور پر نہیں ہوگا۔ بلکہ تزکیۂ نفس اور ریاضت بدن کی خاطر ہوگا۔ اگر یہ ٹھیک ہے۔ تو ہم اہالیان بلوچستان اور مسلمانان عالم سے درخواست کرتے ہیں۔ کہ وہ خانصاحب موصوف کی صحت و زندگی کے لئے دعائے بخیر فرمادیں۔

(نامہ نگار)

## خان عبدالصمد اچکزئی کی پولیٹکل ایجنٹ متعلقہ کو درخواست

پشین- نامہ نگار خصوصی اطلاع دیتا ہے۔ کہ پولیٹکل ایجنٹ نے نہایت خرافانہ اور منصفانہ نیت سے جب خان اچکزئی کو صفائی پیش کرنے کے لئے کہا تو انہوں نے ایک درخواست بدیں مضمون پولیٹکل ایجنٹ کو دی کہ میرے پاس ثبوت ہیں۔ کہ ای۔ اے۔ سی پشین کی مجھ سے ذاتی خصومت ہے۔ مجھے ان سے انصاف کی توقع ہرگز نہیں ہوسکتی۔ اسلئے میرے مقدمہ کو کسی اور عدالت میں منتقل کیا جائے۔ اسکے بعد مجھے ضمانت پر رہا کردیا جائے تاکہ میں اپنی صفائی کے لئے حیدرآباد اور کراچی سے دو معزز شہریوں کو بطور گواہ لاؤں۔ جو میری ان تمام تقریروں کو سن چکے ہیں۔ جنکو بنائے استغاثہ بنایا گیا ہے۔ شرط اول کے متعلق تو پولیٹکل ایجنٹ نے ابتک کوئی جواب نہیں دیا۔ البتہ شرط دوم کی نسبت انہوں نے خان عبدالصمد خان اچکزئی سے گواہوں کی فہرست طلب کی۔ اور کہا کہ وہ سرکاری طور پر انکو حاضر کرینگے۔ امید کی جاتی ہے۔ کہ پولیٹکل ایجنٹ شرط اول کے متعلق بھی خان عبدالصمد خان اچکزئی کی شکایت رفع کرنے کی کوشش کرینگے۔

## زمینداران سیوی کا مالیہ بہت زیادہ ہے

اطلاع آئی ہے کہ گورنمنٹ کا مقرر کردہ مالیہ زمینداران سیوی کی استطاعت سے بہت زیادہ ہے۔ اور زمینداروں کی حالت روز بروز مالی حیثیت سے گرتی جارہی ہے۔ زمیندار عام طور پر افسران متعلقہ کو درخواستیں دیتے رہتے ہیں۔ چنانچہ پچھلے سال ریونیو کمشنر نے ایک جلسہ میں زمینداران کے مطالبے اور وعدہ کیا تھا۔ کہ آئندہ سال بارہ روپیہ کردیا جائیگا لیکن زمینداران سے ابتک ... مالیہ پیداوار کا دو ساتواں (۲/۷) لیا جارہا ہے۔ ... مرکز سے دور ہیں۔ اور افسروں سے بہت کم میل ملاپ رکھ سکتے ہیں کیا ریونیو کمشنر ان بیچاروں کے لئے کچھ کرینگے۔

## جمعیتہ طلبائے بلوچستان دہلی کی تشکیل اور ضروری قراردادیں

طلبائے بلوچستان مقیم دہلی نے ایک انجمن بزیر صدارت مولوی غلام حیدر خان صاحب منعقد کرکے ذیل کی کارروائی عمل میں لائی۔

**نام و قیام:-** جمعیتہ طلبائے بلوچستان دہلی۔

**اسمائے عہدیداران:-**

صدر- مولوی غلام حیدر خان کاکڑ بلوچستانی۔

نائب صدر- خان عبدالواحد خان احمدانی بلوچ۔

سکریٹری- عبدالحی صاحب رند بلوچ۔

محاسب- عبدالقادر خان کاکڑ۔

خزانچی- ماسٹر محمد اکبر خان اصغر بلوچ۔

## اغراض و مقاصد

(الف) ہر محتاج بلوچستانی و بلوچ کی ہر ممکن امداد کرنا۔

(ب) رغریب الدیار بلوچستانیوں میں برادری اور اتحاد قائم رکھنے کی کوشش کرنا۔

(ج) بحالت غربت بھی مادر وطن کے ہر ارتقائی منزل میں اسکا ساتھ دینا۔

(د) بذریعہ تقاریر و اشاعات وطن کے باہر اور وطن میں تعلیمی ذوق اور صحیح اسلام کی اشاعت کی کوشش کرنا۔

## ضروری قراردادیں

(۱) جمعیتہ طلبائے بلوچستان کا یہ اہم اجلاس حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ جلد سے جلد کوئٹہ میں عربی مکتب اور کالج اور مستونگ میں ہائی سکول کھولدے۔

(۲) جمعیتہ طلبائے بلوچستان کا یہ اہم اجلاس خان عبدالصمد خان و میر عبدالعزیز خان کو بلوچستان کے راہ آزادی میں گرفتار ہونے پر انکو ہدیہ تبریک و تہنیت پیش کرتے ہوئے۔ حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتا ہے۔ کہ وہ جلد سے جلد انہیں رہا کردے۔

(۳) جمعیتہ طلبائے بلوچستان کا یہ اہم اجلاس خان معظم والئے ریاست قلات سے اجرائے احکام شرعی کے لئے پرزور مطالبہ کرتا ہے۔

## مسلمانان کراچی کا ایک عام جلسہ

زیر صدارت سید محمد اسلم بار ایٹ لاء دیکھو ورلا میں بوقت ۸ بجے شام منعقد ہوا۔ ذیل کے مسائل پر قراردادیں پاس کی گئیں۔ فسادات ریاست جیند۔ اجودھیا۔ سندھ۔ بلوچستان۔

مسلمانان کراچی کا یہ جلسہ عام مجاہد بلوچستانی خان عبدالصمد خان اچکزئی کی سزایابی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے۔ اور ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان سے درخواست کرتا ہے۔ کہ وہ خان موصوف کو غیر مشروط طور پر رہا کریں۔

نیز یہ جلسہ باشندگان بلوچستان کے مطالبات در بارہ اصلاحات کی تائید کرتا ہے۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

# دیگر ممالک کی تازہ خبریں

## افغانستان میں عید مبارک تقریب

### اعلیٰحضرت ظاہر شاہ کی تقریر

برادران عزیز۔ عید کے موقعہ پر آپ نے کمال مہربانی سے [illegible] پر خلوص پیغامات ارسال کئے ہیں۔ ان کے [illegible] میں [illegible] میں بھی اس تقریب سعید پر آپ کو مبارکباد [illegible] اور خدا سے سلطنت اور رعایا کی خوشحالی کی دعا مانگتا ہوں۔ آپ کو اس حقیقت کا علم ہے کہ موجودہ حکومت کی بنیاد میرے والد [illegible] کی حکومت پر رکھی گئی ہے۔ اب جو حالت [illegible] ہے کہ سلطنت کا [illegible] نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا جا رہا ہے۔ [illegible] دونوں [illegible] حاکم اور محکوم کے اچھے تعلقات کی بنا پر ہے۔

مجھے پوری امید ہے کہ آپ لوگ اپنے مقدس وطن کی بہتری اور [illegible] کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں گے۔

میں پھر خدا سے التجا کرتا ہوں کہ میری قوم میں اتفاق ہو اور وہ [illegible]

## اعلیٰحضرت رضا شاہ نے دورہ عراق منسوخ کر دیا

معلوم ہوا ہے کہ اعلیٰحضرت رضا شاہ فرمانروائے ایران نے [illegible] عراق کا دورہ منسوخ کیا ہے۔

## سلطان ابن سعود کی کامیابی

### یمنی فوجیں پسپا ہو گئیں

اعلیٰحضرت سلطان ابن سعود کی فوجوں نے [illegible] قلعے فتح کر لئے ہیں۔ عام معافی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ شاہی فوجیں آگے کی طرف [illegible] بڑھ رہی ہیں۔ اور یمنی پسپا ہو کر [illegible] سے بھاگ رہے ہیں۔

## حکومت مصر سے امام یمن کی درخواست

قاہرہ۔ [illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت یمن نے حکومت مصر کو لکھا ہے کہ دونوں حکومتوں کے باہمی تعلقات کو استوار کرنے کے [illegible] دوسرے کے پاس سفیر بھیجنے چاہئیں۔ ابھی مصر سے کوئی جواب موصول نہیں [illegible] لیکن باخبر حلقوں میں یہ افواہ گرم ہے کہ حکومت مصر حکومت یمن کو اس [illegible] میں مایوس نہ کرے گی۔

## کشمیر میں انقلاب کا داخلہ بند

لاہور۔ ۱۶۔ اپریل۔ روزنامہ انقلاب کے کشمیر کے ایجنٹوں نے سری نگر اور جموں سے اطلاع دی ہے کہ ریاست کشمیر و جموں میں حکومت نے "انقلاب" کا داخلہ بند کر دیا ہے۔

## کانگرسی لیڈروں کے فیصلہ پر مہاتما گاندھی کی طرف سے

### مہر تصدیق و توثیق

دہلی میں کانگرسی لیڈروں کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس میں تجویز کی گئی کہ کانگرس کو اپنی قوم جدوجہد چھوڑ کر [illegible] عمل اختیار کرنا چاہئے۔ چنانچہ فیصلہ ہوا۔ کہ سوراج پارٹی کو دوبارہ زندہ کیا جائے۔ اور کانگرسی لیڈر آئندہ اصلاحات کے مطابق انتخابات میں حصہ لیں۔ اور کونسلوں اور اسمبلی پر قبضہ کر لیں۔ یہ فیصلہ مہاتما گاندھی کی تصدیق کا محتاج رکھا گیا اور اسی پر مہر تصدیق و توثیق ثبت کرنے کے لئے ڈاکٹر ایم۔ اے انصاری، ڈاکٹر بی۔ سی رائے اور مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی پٹنہ تشریف لے گئے مہاتما گاندھی سے ملاقات ہوئی اور بند کمرہ میں چہار شنبہ اور پنجشنبہ کو دو دن گفتگو کی [illegible] کے بعد مہاتما گاندھی نے تسلیم کر لیا۔

## مزدور اور سرمایہ دار کی جنگ

### بمبئی کے کارخانوں میں ۲۳ اپریل کو مکمل ہڑتال کا اعلان

[illegible] کے کارخانوں [illegible] مشترکہ [illegible] کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے۔ کہ ۲۳ اپریل [illegible] کے کارخانوں میں مکمل ہڑتال کر دی جائے گی۔ کراچی [illegible] اعلان عنقریب ہونے والا ہے۔

## یہودیوں کی شام میں مداخلت

### حکومت شام کیطرف سے انسدادی کارروائی

دمشق [illegible] یہودیوں نے اپنی بڑھتی ہوئی آبادی کے [illegible] فلسطین کی [illegible] شام کا رخ کیا ہے حکومت نے یہودیوں کے اس تازہ سیلاب سے گھبرا کر ایک کانفرنس منعقد کر کے وزیر اعظم کو ایک حکم جاری کرنے کا اختیار دیا ہے کہ یہودیوں کو کسی قسم کی رعایات اور سہولتیں نہ دی جائیں۔

## وفد فلسطین کی رہنمائی نواب چھتاری کرینگے

سر شوکت علی اس ڈیپوٹیشن کی ترتیب کے سلسلے میں مصروف ہیں جو مسلمان لیڈر فلسطین کے معاملات کے متعلق وائسرے کے پاس لے جانا چاہتے ہیں معلوم ہوا ہے کہ سر شوکت کی کوشش یہ ہے کہ مسلم لیگ اور مسلم کانفرنس کے نمائندے بھی ڈیپوٹیشن میں لے جائیں۔ تاکہ اس میں وزن ہو سکے۔ کل ممبر ۸ کے قریب ہوں گے اور رہنمائی غالباً نواب چھتاری کرینگے۔

## کراچی میں قومی ہفتہ

مسٹر ترانداس آنندجی [illegible] کراچی میں قومی ہفتہ حسب معمول ۶ اپریل سے ۱۳ اپریل تک منایا جائیگا۔

حسب ذیل پروگرام مقرر کیا گیا۔

۸ اپریل کو صبح [illegible] بجے شام خالقدینا ہال میں عام جلسہ [illegible] اپریل کو صبح [illegible] سودیشی نمائش کا افتتاح [illegible] کھلی رہیگی۔

۱۳ اپریل کو [illegible] بجے [illegible] میں عام جلسہ۔ تمام محب وطن حضرات سے درخواست کیجاتی ہے۔ کہ وہ قومی ہفتہ کی کامیابی میں حصہ لیں۔

## جلال آباد کا نیا گورنر

معلوم ہوا ہے۔ کہ سردار [illegible] کی جگہ سردار [illegible] کو جلال آباد کا گورنر مقرر کر دیا گیا ہے۔

## مکہ معظمہ اور مصر کا فضائی اتصال

حکومت مصر نے جدید فرمان شاہی کے مطابق یہ فیصلہ کیا ہے کہ مکہ معظمہ اور مصر کے درمیان ہوائی جہازوں کی آمد و رفت کا سلسلہ شروع کیا جائے اس سلسلہ میں ایک کمپنی قائم کی جائے اور اسکو جملہ اختیارات دیدئے جائیں۔

## مسئلہ آزادی فلپائن

فلپائن میں بیشمار مسلمان آباد ہیں اور وہ برادران وطن کے ساتھ آزادی کی جدوجہد میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اسی جدوجہد سے متاثر ہو کر امریکہ کی قانون ساز کانگرس نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ فلپائن کو آزادی دیدی جائے اور زیادہ سے زیادہ دس سے چودہ سال تک فلپائن کو آزاد کر دیا جائے کانگرس کا اس تجویز کو سرکاری حلقوں میں تائید [illegible] قابل عمل سمجھا جا رہا ہے۔

چنانچہ صدر جمہوریہ امریکہ نے کانگرس کے نام حسب ذیل اعلان شائع کیا ہے فلپائن کی آزادی کے ساتھ امریکہ کے بحری اور [illegible] دفاع کو [illegible] اہمیت رکھتا ہے۔ اور فلپائن کی آزادی دینے کے بعد بھی اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا [illegible] اس کو نظر انداز کرنا سیاسی ہوشمندی کے خلاف ہوگا۔

[illegible] قانون کو فلپائن کے باشندوں نے نامنظور کر دیا ہے۔ کیونکہ اس [illegible] بحری اور فوجی تحفظ کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ اور اس مطالبہ کی منظوری [illegible] سال تک آزادی دینے کا حتمی وعدہ کیا گیا تھا۔

## خان عبد الغفار خان کو منتقل کر دیا گیا

خان عبد اللہ خان کو جواب تک [illegible] ہیں اور ان کی حالت بہت ہی نازک ہے۔ آج شب برکلوس [illegible] سے جیل کے شفاخانہ میں منتقل کر دیا گیا۔

ان کی حالت بدستور ہے کوئی افاقہ نہیں ہوا ہے۔

Yousaf Aziz Magsi Chair

# خان محمد ایوب خان اچکزئی کا پیغام اور اہل بلوچستان سے درد مندانہ درخواست

خدا کرے کہ اسے تا ابد سکوں نہ ہو
وہ دل جو تیری محبت میں بیقرار نہ ہو

بھائی نسیم اور عنقا السلام علیکم ۔

[illegible] کی انتہا نہ رہی ۔ جب معلوم ہوا کہ آپ صاحبان نے ملک کے موجودہ انحطاط کے پیش نظر ایک جریدہ بنام "بلوچستان جدید" کی اشاعت اور اجرا [illegible] ۔ پس میں "بلوچستان جدید" کے متعلق پرتپاک استقبال کے بعد میں کچھ کہہ سکتا ہوں ۔

دراصل میں [illegible] ہمیوں کا رنج نہ ہو حوصلہ شکن تو تیرا وجود ہو سبق آموز زندگی تو تیری حیات گرمیٔ ہنگامۂ عمل کہتے ہیں جسکو اہل نظر [illegible] سب [illegible] ہے وہ تیرا جادۂ عمل ہو

پس میں اہل ملک سے [illegible] قومی درد رکھنے والے طبقہ سے بالخصوص خارش ہوں ۔ کہ وہ صرف ملکی اور قومی مفاد کے پیش نظر اس جریدہ کو جسکو بلوچستان جدید سے منسوب کیا جاتا ہے ۔

کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش [illegible] کار [illegible] کریں ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ کہ فی زمانہ قوموں کی تنزل و انحطاط کا راز ملکوں اور قوموں کے جریدوں میں مضمر ہے ۔ پس جسکو اپنے ملک کی موجودہ [illegible] زندگی اور بیکسی کا کچھ بھی احساس ہو ۔ وہ اس جریدہ کو کامیاب بنا کر عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہو ۔

آپ صاحبان کو معلوم ہے ۔ کہ اس جریدہ میں آجکل محترم عنقا [illegible] جن میں سے اول الذکر صاحب کے تعارف کی کوئی ضرورت نہیں ۔ کیونکہ [illegible] جو انہوں نے "البلوچ" میں قوم کے لئے [illegible] عنقا صاحب کا اعتراف ہے ۔ اور برادرم نسیم کے ساتھ بھی مجھکو ذاتی تعارف کا فخر حاصل ہے ۔ جنکے جذبۂ حریت اور ہمدردی ملک [illegible] اس [illegible] سے بخوبی [illegible] حال ہو صرف [illegible] اور [illegible] کے تحت اپنا مستقل ذریعہ معاش یعنی ملازمت انگریزی ترک کرکے قومی میدان میں آکودے ہیں [illegible] ہے ۔ کہ یہ جریدہ موجودہ حالت میں اہل ملک کے جذبات کی کما حقہ ترجمانی کریگا ۔

( از [illegible] ایوب اچکزئی )

---

## انقلابات زمانہ اور بلوچستان

( از کامریڈ ہاشم بلوچ کراچی )

موجودہ دور میں ہر طرف نئے خیالات کا دریا موجزن ہے ہر ایک قوم اپنی بہتری کے لئے کوشاں ہے ۔ غلام اقوام دن رات کوشش کر رہی ہیں کہ کسی طرح سے استبداد سے رستگاری حاصل کیجائے ۔ دنیا کی پست اقوام آگے بڑھ رہی ہیں ۔ مغلوب اقوام کی صف کو پیچھے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہی ہیں ۔ غرض دنیا کے تمام ممالک میدان ترقی میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے میں مشغول ہیں ۔

سیاسی تحریکوں میں یورپ تمام براعظموں سے پیش پیش ہے ۔ جنگ عظیم کے بعد تمام یورپ میں انقلابات نے عوام کو ششدر کر دیا ۔ کہ آئے دن نئے انقلاب کی تیاری ہو رہی ہے اور ساتھ ساتھ مشرق میں بھی ایسے خاصے انقلابات آئے ہیں ۔ اور آرہے ہیں ۔ چین ۔ ترکستان ہندوستان افغانستان ایران ۔ شرق مجمع الجزائر فلپائن وغیرہ میں انقلاب نے نئی روح پھونک دی ہے ۔

تھوڑے عرصہ میں ایران نے رضا شاہ کے زیر قیادت بیرونی طور تبدیلی [illegible]

[illegible] کے جراثیم سے پاک ہو کر اپنے لئے [illegible] افغانستان میں جنگ عظیم کے اختتام پر غازی امان اللہ خان نے [illegible] جاری کر دیئے

غازی مصطفیٰ کمال نے ترکی کے مردہ جسم میں جسے یورپ مرد بیمار کہتا تھا ۔ انقلابی مشین کے ذریعہ نئی روح پھونک دی ۔ جبکہ سابق سلطان وار [illegible] رہا تھا ملک کی اقتصادی حالت حد درجہ خراب تھی ۔ نہ اتحاد تھا نہ تنظیم ۔ یورپین حکومتیں اپنے حرص کے دانتوں کو مردہ ترکی کے جسم کو نوچنے کے لئے تیز کر رہی تھیں ۔ سمرنا اناطولیہ کے کچھ حصہ پر یونانی قابض ہو گئے تھے ۔ مغربی تھریس پر اتحادیوں کی آنکھیں جمی ہوئی تھیں ۔ استنبول اور [illegible] کے لئے فرانس انگریز ۔ روس آپس میں جھگڑ رہے تھے ۔ لیکن

یکا یک نوجوان ترکوں کا سپہ سالار مصطفیٰ کمال ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے ہاتھ میں حریت کا جھنڈا لیکر میدان میں آیا ۔ ملک و قوم کے سامنے نیا پروگرام رکھا ۔ جس نے ترکوں کے لئے نئی دنیا پیدا کر دی ۔ دنیا کا ہر گیلانی [illegible]

ہیں ہی ۔ آج ترکی دنیائے اسلام کا ہیرو اور سرتاج ہے جو آج سے پندرہ بیس سال پیشتر جسم بے روح بنکر پڑا ہوا تھا ۔ ترکی کی بیداری کو دیکھکر یورپ نے دنیا کو سر پر اٹھا لیا کہ اگر ترکی کے خونی سیلاب کو روکا نہ گیا تو وہ عنقریب اپنے ہلالی جھنڈوں کو دوبارہ دنیا کی فضا میں لہرائیگا ۔ اور یورپ ایک دفعہ اور ترکی

---

کے قدموں تلے [illegible] یہی زمانہ کے انقلابات اور یہی انکے نتائج غرض دنیا میں آدھی صدی کے اندر اندر بہت کچھ ہوا ہے ۔ ایک چھوٹی سے چھوٹی قوم جاگ اٹھی ہے ۔ اور چند سالوں کے اندر اندر منظم ہو چکی ہے مگر اے افسوس ! ہمارا ادر وطن بلوچستان ( جسے ایشیا کا بلجیم کہیں تو بجا ہے ) کی وہی حالت ہے جو آج سے دو سو سال پہلے تھی ۔ وہی رقیبانہ نظام ۔ وہی سرمایہ دارانہ ذہنیت ۔ وہی ذات پات کے جھگڑے ۔ وہی اونچ نیچ کی [illegible] وہی [illegible] جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

نوجوانو ! ملک کی آئندہ امیدیں تم سے وابستہ ہیں ۔ اگر تم ہوا کو اور اپنے ملک و قوم کی اصلاح نہ کروگے ۔ تو اور کون کریگا ۔

کیا ہوا ۔ اگر تم ابھی تک [illegible] ہیں اسوقت مادی طاقت نہیں ۔ سرمایہ دار و نقیب نہیں ۔ تمہاری آواز سنی نہیں جاتی ۔ لیکن اسکی پروا نہ کرو ۔ ہندوستان ہی کو دیکھ شروع میں اسکی بھی یہی حالت تھی ۔ لیکن آج تم نے دیکھ لیا کہ آج وہ کس حد تک کامیاب ہو چکا ہے ۔ اس لئے تم بھی منظم ہو کر اس زور سے اپنی فریاد بلند کرو ۔ کہ یہ آواز حکومت کے کانوں تک جا پہنچے ۔ اور اسوقت تک ۔ اور اسوقت تک ہاتھ پھیلائے رکھو ۔ جب تک حکومت تمہیں کچھ دے نہ دے ۔

## بلوچستان کے افغانوں کی غفلت شعاری

( از عبدالخالق تارن بلوچستانی )

اے غیور تند افغانو ! اے گہرے نیند کے سونے والو ! دنیا پر کوئی ایسی سرزمین نہیں جہاں علوم و فنون کی آفتابی کرنیں نہ چمکی ہوں ۔ جہاں آزادی کے چرچے اور حقوق انسانی کی حفاظت نہ ہو ۔ مگر اے میرے پیارے افغانو آپ ہی ہیں ۔ جو غفلت میں ہیں ۔ آپ ہی ہیں جو حیوانوں کی طرح سلوک کئے جاتے ہیں ۔ آپ کو جاہل بنایا جا رہا ہے ۔ آپ کو وحشی کہا جا رہا ہے ۔ آپ کو گرا سمجھا جا رہا ہے ۔ کیا آپ میں اتنی غیرت نہیں رہی کہ ان سب کو جواب دندان شکن جواب دے ۔ اور اپنے انسانیت اور حب وطن و قوم کا ثبوت دیتے ہوئے بتلا دے کہ آپ کسی سے کم نہیں ۔ آپ میں تیغ و حسام ہادر ہی کے ساتھ لڑنے [illegible] تعلیم کو سلیقہ [illegible] انجام ہے ۔ اور محبت خدمت قوم و وطن پر جان و مال قربان کرنے والے ہیں ۔

اے [illegible] وقت ہے کہ اس طوفان بدتمیزی میں [illegible] کی مانند تیر جائے ۔ [illegible] زندگی نہیں بلکہ اب حیات چاہئے ۔ اور دنیا کو اپنے استقلال [illegible] سکندر اعظم کو نصیب نہ ہوئے ہوں ۔ [illegible] جہاں تقاضا یہی ہے کہ تو کسی سے کسی چیز میں بھی کم [illegible]

اے عزیز بھائیو ! کہاں تک آپ چادر غفلت [illegible] آنکھ ان نصیحتوں کو برداشت کرتے رہوگے ۔

اے نوجوانو ! یہ غفلت ہے جو بلوچستانی غیرت کے منافی ہے ۔ اس سے تو تنگ [illegible] موت بہتر ہے ۔ دنیا تو پکار رہی ہے کہ تم رستے ہوئے اگر دنیا میں جھوٹ بول رہی ہے تو تم اپنی زندگی کا ثبوت پیش کرو ورنہ تمہارا [illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

# بماتم ما بجائے شادیانہ

( از جناب میر علی آغا علی زئی بلوچستانی )

چہ گویم من باین وقتِ زمانہ　　شدہ مشغول دنیا در چغانہ
وطن داریم لیکن شد زبان بند　　بماتم ما بجائے شادیانہ
بغایت موئے ما گشتہ پریشان　　نہ زہمدردان خود خواہیم شانہ
چو نظارہ ما استادہ ہستیم　　ولے معشوق اندر شامیانہ
ہر [illegible] ستم ما از جانانہ خود　　گرفتہ جا رقیبِ ما بجانہ
بزلفِ آن ستم گر ما اسیر یم　　عجب ورزیدہ آن ظالم بہانہ
بہوش آ اے بلوچستان بہوش آ　　خدارا از ہمیں دو تازیانہ
خدا حافظ بلوچستانِ ما را　　پرستش ہر دم کند لطفِ شہانہ

# تضمین بر صدائے عزیز

( از جناب مجاہد بلوچستانی )

تمناؤں کی بربادی کو دیکھا جا نہیں سکتا
ضروری ہے کہ اب لبریز یہ پیمانہ ہو جائے
انہی قوم کے ٹھگوں نے ملک کا بیڑا ڈبویا ہے
ضروری ہے کہ یکسر ملک سب دیوانہ ہو جائے
وطن والو وطن کی آن کا اب یہ تقاضا ہے
کہ یہ صیدِ زبوں آباد یا ویرانہ ہو جائے
رفیقانِ مکرم کو گرفتارِ بلا کر کے
کہیں آزادیٔ ملت کا خواب افسانہ ہو جائے

# بلوچستان میں جماعتی زندگی کا افسوسناک فقدان

جاگنا ہے جاگ لو افلاک کے سایہ تلے
حشر تک سوتے رہو گے خاک کے سایہ تلے

( از سوہرا بلوچستانی )

سادہ لوحی اور نادانی کی معصومیتیں انکے نزدیک کبیرہ گناہ ہیں - کیونکہ یہ وہ وقت ہے جسکے دور میں "مذہب" کو ایک مذہب جنون سمجھا جاتا ہے - جو ٹھکرا دینے کے قابل ہے - بلکہ مضحکہ سے اڑا دینے کے لائق ہے - لیکن جہاں یہ دور دورہ شروع ہوا ہے - تو وہاں لوگوں میں فطری طور پر خود بخود اپنی ذلت کا احساس ہونے لگا ہے - اور اپنے حقوق کو حاصل کرنے کے لئے بیتابی سی پیدا ہو گئی ہے - چنانچہ آج جہاں دیکھو وہاں لوگوں میں انجمنیں بنی ہوئی ہیں - اور مظلوم کے لئے کوئی نہ کوئی ضرور اپنے آپ کو ایثار و قربانی کے لئے پیش کر چکا ہے

آج ہم دیکھ رہے ہیں - کہ بلوچستان میں انجمنیں بنی جا رہی ہیں - اور اپنے حقوق کی نگہداشت کے لئے ان میں تنظیم پیدا ہوتی جا رہی ہے خلاق العالم نے انکے لئے "رہنما" بھی پیدا کر دئے ہیں - اور بلوچستان والوں پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ ان سے دراصل کس کس کو سچی ہمدردی اور جوہر ایمانی ہے - اور کون "ڈھونگ باز" ہیں - رہنمایان بلوچستان پر طرح طرح کی مصیبتیں امتحاناً نازل ہو رہی ہیں - اور سچے کھوٹے [illegible]

[illegible]

# لیاری کی تعلیم اور میونسپلٹی

میں کچھ عرصہ سے دیکھ رہا ہوں کہ اخبارات میں عنوان مندرجہ بالا کے تحت مضامین لکھے جا رہے ہیں - اور قریباً سب میونسپلٹی کو مطعون کر رہے ہیں - حالانکہ یہ سراسر اصلیت کے منافی ہے - میونسپلٹی بذات خود کوئی چیز نہیں - یہ چند افراد کی ایک جماعت کا نام ہے - اور وہ افراد شہریوں کی طرف سے نمائندہ ہیں - حق تو یہ ہے کہ یہ غلطی خود شہریوں کی ہے آخر وہ کیوں کر ایسے لوگوں کو ووٹ [illegible]

[illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

# بلوچستان کی خبریں

## پولیٹیکل ایجنٹ کا کیمپ زیارت میں

سبی۔ گرمی شروع ہوگئی ہے۔ اور پولیٹیکل ایجنٹ سبی کا دفتر گرمی کی وجہ سے زیارت چلا گیا ہے۔

(نامہ نگار)

## سبی کا ترقی کے اعلےٰ مدارج پر

(دروغ برگردن مسلمؔ)

گزشتہ ہفتہ جدید الیب مفرات بعنوان "کالسی" میں ……… ایک ملا صاحب کوئٹہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ ان دنوں کالسی ……… کی انگریز کاحکم ……… کر رہی ہے۔ پرانے اور بوسیدہ مکانات گرا کر ……… کو ……… مسیح کر کے ان پر تارکول ……… بچھائی گئی ہے ……… اور جانوروں کا نہایت ہی اعلیٰ انتظام ہے۔
عوام کے لئے سیرگاہیں، سرکٹ گاہیں اور باغات بکثرت لگوائے گئے ہیں۔ ……… مڈل اور پرائمری سکول کھول دئے گئے ہیں۔ کالج کھولے جانے کی تجویز زیر غور ہے۔ رعایا کے حقوق ……… کی طرح نگہداشت کی جا رہی ہے۔

## بلوچستان کے قائدِ اعظم کی بھوک ہڑتال

مچھ۔ بلوچستان کے قائدِ اعظم خان عبدالصمد خان اچکزئی ……… نے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔ جو سیاسی رہنماؤں کو سعادت سے بانفاق راضی کرنے کے لئے مجبور کرنے کے خلاف احتجاج کے طور پر ہے۔

(نامہ نگار)

## علاقہ سبی میں فصل ربیع کی کٹائی

سبی علاقہ کی فصلات ربیع پک کر تیار ہو چکی ہیں اور ایک مہینہ سے انکی کٹائی شروع ہے۔

(نامہ نگار)

## رسالدار میر جلال خان اور جمعدار میر عثمان خان قید کر دئے گئے

تربت۔ رسالدار میر جلال خان اور جمعدار میر عثمان خان اسسٹنٹ پولیٹیکل مکران نے اس جرم کی پاداش میں قید کر دیا ہے۔ کہ وہ کیوں ابھی فرار ہو کر پولیٹیکل ایجنٹ قلات اور ریونیو کمشنر بلوچستان کے پاس رہ گئے۔

(نامہ نگار)

## مکران کی سرحداری کی آسامی پر ایک غیر ملکی کا تقرر

پنجگور۔ اگرچہ مکران کی سرحداری کی آسامی کے لئے رسالدار میر لواب خان۔ رسالدار میر مراد بخش خان۔ رسالدار امیر شیرول خان جمعدار میر خان جہان خان اور رسالدار میر فقیر جان لائق اور حقدار ملکی موجود تھے۔ خصوصاً جمعدار میر جہان خان صاحب اس آسامی پر کام بھی کر چکے ہیں۔ جن بنا پر مسٹر کاکس سابق پولیٹیکل ایجنٹ قلات نے ان کو آئندہ سرحدار بنائے جانے کی سفارش کی تھی۔ مگر ان تمام باتوں کو پس پشت ڈال کر مذکورہ بالا آسامی پر ایک غیر ملکی مقرر کر دیا گیا ہے۔

## خان اچکزئی اور میر صاحب گرد و پا بند پابند

مچھ جیل میں خان عبدالصمد خان اچکزئی اور میر عبدالعزیز خان کرد بہت سخت پابندیاں ہیں۔ کوئی انہیں ملاقات نہیں کر سکتا۔ ان دونوں کو آپس میں ملنے دینا تو درکنار دوسرے قیدیوں سے بھی الگ علیحدہ کوٹھڑیوں میں بند رکھا ہوا ہے۔ ……… ناجائز سلوک کیا جا رہا ہے۔ میر صاحب کی صحت اچھی ہے۔

(نامہ نگار)

## تاجپوشی کے موقعہ پر ملکی ……… کی محرومی

مستونگ۔ مکان پیر ترنگ آباد اور تیرگی ……… جشن ……… کے مواقع میں شامل ہوا کرتے تھے۔ مگر اس دفعہ نوابزادہ ………… خان آف قلات کی تاجپوشی کے موقعہ پر مکان تیرگی کو دربار میں شمولیت کی دعوت نہیں دی گئی۔ حالانکہ سرداران جہالاوان کے معتبرین تک کو بلایا گیا۔ مکان تیرگی کو دراصل ……… نشستیں انعامات اور خلعتیں دلوا ……… گئے ہیں۔

(نامہ نگار)

## میرزا رحیم بخش مدرس ترنگ آباد کی برطرفی کی اصل وجہ

گزشتہ دنوں میرزا رحیم بخش مدرس ترنگ آباد کو معطل ……… ………

برطرف کر دیا گیا تھا۔ حال ہی میں انہوں نے پولیٹیکل ایجنٹ قلات سے ملاقات کی ہے۔ جس نے انکو بتلایا کہ اسے سیاسیات میں حصہ لینے کے جرم میں برطرف کیا گیا ہے۔ حالانکہ اخبارات میں اصل وجہ اچھا کام نہ کر سکنا ہے۔ جسکے جواب میں مرزا صاحب نے کہا کہ میں پانچ سال سے اچھا کام کر رہا ہوں۔ یکلخت برے کام کرنا کیا ہوگیا۔ اور یہ کہ سیاسیات میں حصہ لینے کے احکامات بعد میں جاری ہوئے ہیں۔

## مسٹر محمد ہاشم انسپکٹر ایکسٹنشن سناور مکران کا عطیہ

سبی۔ مسٹر محمد ہاشم خان انسپکٹر ایکسٹنشن سناور مکران نے ایسوسی ایشن مسلمانان سبی کے وفد سے ملاقات کی۔ آپ نے انجمن مذکور کے اغراض و مقاصد سننے کے بعد از راہ قدم ملک فوزی مبلغ پچیس روپیہ عطیہ کے طور پر عنایت کئے۔ اور دو روپیہ ماہوار چندہ کا وعدہ فرمایا۔

(نامہ نگار)

## باشندگانِ تیری کا افلاس

تیری۔ باشندگانِ تیری تاہر کی طرح افلاس کے پنجے میں گرفتار ہیں۔ کیونکہ اس کساد بازاری کے زمانے میں بھی ان غریبوں سے وہی مالیہ جا رہا ہے۔ جو خوشحالی کے زمانہ میں لیا جاتا تھا۔ ورنہ بھاری مالیہ ادا کرنے کی وجہ سے مفلسی کے شکار رہے ہیں۔ کیونکہ پانی کم ہو گیا ہے۔ اور پیداوار مقابلتاً دو تہائی سے بھی کم ہے۔

(نامہ نگار)

## قاضی احمد سبی کے خلف الرشید عزیزی عبداللہ کو ریاست کیطرف سے تعلیمی وظیفہ

سبی۔ قاضی احمد صاحب کے صاحبزادے عزیزی عبداللہ نے امسال آخر مڈل کا امتحان پاس کیا ہے۔ جسکو ریاست نے مستونگ میں تعلیم کرنے کے لئے مبلغ دس روپے ماہوار کا وظیفہ دیا ہے۔ جو ……… کے لئے روانہ ہو چکا ہے۔

(نامہ نگار)

## سبی میں عبدالمجید کی دکان

چوری ……… ………

سبی۔ سیٹھ عبدالمجید کے ……… سے ……… گئے ہیں۔ کہ انہوں نے انکی دکان پر ……… اور ……… گئے۔ سیٹھ کی دکان چند ہی اور وہ ……… چھپا دیا۔

(نامہ نگار)

Yousaf Aziz Magsi Chair

# ماخوذات

## ۱۔ رجعوا الی القرآن

### قرآن مسلمانوں کے تصرف سے کیونکر نکلا؟

([illegible] عبدالمجید [illegible] سیکرٹری سیرت کمیٹی پٹی ضلع لاہور)

قرآن [illegible] عزت کتاب ہے۔ حضرت محمد صلعم نے قرآن ہی کے ذریعہ سے [illegible] کی بنیاد ڈالی اور قومیت کی [illegible] پیدا کی۔ وہ [illegible] اور عدل و انصاف پر ہے [illegible] قرآن اعتدال [illegible] اخلاقی قدروں کی تاریکی سے نکال کر [illegible] روشنی میں [illegible]۔ [illegible]

([illegible])

[illegible] مسلمانوں کے لئے درس عبرت ہے جنہوں نے [illegible] قرآن کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی قرآن مسلمانوں کے عروج و زوال کا معیار ہے۔ حجۃ الوداع کے خطبے میں پیغمبر اسلام نے اعلان فرمایا تھا۔ کہ مسلمان جب تک اللہ کی کتاب پر عمل کریں گے۔ گمراہ نہ ہوں گے۔ اسلام کی تیرہ سو سالہ تاریخ اس اعلان عظیم کی صداقت پر گواہ ہے۔ مسلمانوں کے عروج و زوال کی بحث میں دفتر سیاہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ مختصر بات صرف اتنی ہے کہ مسلمان ترک قرآن سے ذلیل و خوار ہوئے ہیں۔ اور اب قرآن کے ذریعہ ہی قرن اول کے عروج کو پا سکتے ہیں [illegible] قرآن علیم کی طرف متوجہ ہو جانا چاہئے۔

## قرآن کی تعلیمی درسگاہوں کا اختلال

قرآن مسلمانوں کے ہاتھ سے کیونکر نکلا؟ اس کا اولین سبب ہمارے مسجدی نظام کی بربادی ہے سب سے پہلا اور سب سے زیادہ مسجد والوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ کہ وہ اپنے اپنے اہل محلہ کو قرآن سمجھائیں اور قرآن پر قائم رکھیں۔ لیکن اب ہزاروں ہزار مسجدوں میں ایسے ہی لوگ بھرے پڑے ہیں جو کلام طیب کے معنی ہی نہیں جانتے۔ جب [illegible] تو [illegible] کیونکر [illegible] سکتی ہیں۔

## واعظان رنگین اور قرآن

ترک قرآن کا دوسرا سبب ہمارے واعظوں کی غلط روش ہے۔ ہمارے اکثر واعظین اپنے سامعین پر جادو ڈالنے کے لئے رنگین تصوف، رنگین مقولوں، رقت انگیز روایات، دلکش اشعار، لطائف و ظرائف اور ضعیف روایات و معجزات میں الجھے رہتے ہیں۔ ابتدا میں قرآن کی چند آیات پڑھی جاتی ہیں۔ اور پھر [illegible] گھنٹے خرافات۔ لطیفہ گوئی اور داستان سرائی میں صرف ہو جاتے ہیں۔ [illegible] وحی محمدی کی تبلیغ نہیں ہے۔ اگر ہمارے خطیب اپنے ذاتی بیانات کو محدود کر کے صرف وحی محمدی کی تبلیغ میں مصروف ہو جائیں۔ تو امت کی زندگی پھر از سر نو قرآنی بنیادوں پر قائم ہو سکتی ہے۔

## قرآن کے موجودہ درس

اس وقت تبلیغ قرآن کے لئے جا بجا درس شروع ہیں۔ ان درسوں سے بھی پورا فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ حضور سرور عالم کا طریقہ یہ تھا کہ آپ محلوں گلیوں، بازاروں اور میلوں میں جہاں پانچ دس آدمی جمع دیکھتے تھے۔ تشریف لے جاتے تھے۔ اور قرآن سناتے تھے۔ مگر ہمارے علمائے مسجدوں سے باہر نکل کر قرآن سنانا پسند نہیں کرتے اور خود مسجدی درسوں کا یہ حال ہے کہ قرآن کھول کر ایک سادہ سی آیات پڑھتے ہیں۔ اور فاضل معلم کے حلق میں صرف و نحو، فصاحت و بلاغت، منطق، کلام، تصوف، فلسفہ، فقہ، مناظرہ کی امداد سے اس کے بیان کو اس قدر پیچیدہ اور طویل بناتے ہیں کہ زیر بحث آیت ایک معمہ بن کر رہ جاتی ہے۔ اس خرابی کا اصل سبب یہ ہے کہ نزول قرآن کے مقررہ مقاصد درس کے وقت ہمارے علمائے کے سامنے نہیں ہوتے۔ ہمارے موجودہ درسوں کا مشترک نقص یہ ہے کہ معلمین قرآن آیات کی آسانی اور سادگی کو سامنے رکھ کر کم الفاظ میں اپنے شاگردوں کو قرآن کے معنی نہیں سمجھاتے اور اکثر علمی بحثوں میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ ایک ایک لفظ آیت کے دس دس معنی بیان کرتے ہیں۔ کبھی جوش تقریر میں بہہ کر کہیں سے کہیں نکل جاتے ہیں۔ کبھی [illegible] قرآن کا مقصد ہی فوت کر دیتے ہیں۔ جیسے قرآن کو سمجھانا [illegible] عمل [illegible] کا قیام اور روح قرآن کی تبلیغ [illegible]

## مطالعہ قرآن کے موانع

اشاعت قرآن کی بہترین صورت یہ ہے کہ تعلیم یافتہ مسلمان خود مطالعہ قرآن کی طرف متوجہ ہوں اس راہ کی سب سے بڑی دقت یہ ہے کہ ہمارے ہاں ایسی کتابیں نایاب ہیں۔ جو جدید اصولوں کے مطابق [illegible] طلبا کی پوری پوری امداد کریں۔ [illegible] قرآن کی صحیح [illegible] کتب موجود ہے۔ جو تعلیم قرآن میں مبتدیوں کی سہولت کا باعث ہو سکے۔ لیکن اس سے بھی بڑی روک یہ ہے کہ عام مسلمانوں میں یہ غلط خیال پھیلا ہوا ہے کہ قرآن ایک نہایت ہی مشکل اور ادق کتاب ہے ۹۵ فیصدی مسلمان اس غلط فہمی کا شکار ہیں۔ اور اسی بری طرح ان کے دماغوں میں عمر بھر یہ خیال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ وہ از خود بھی مطالعہ قرآن کی جرأت کر سکتے ہیں آج قرآن کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ جس قدر بھی جلد ممکن ہو مسلمانوں کو اس غلط اور مہلک خوش فہمی سے بچایا جائے۔

## قرآن کس قدر آسان ہے

قرآن ایک اوسط درجہ کی مختصر کتاب ہے اور اس کے الفاظ کی تعداد [illegible] اور بھی کم ہے۔ [illegible] اندازہ ہے کہ اگر [illegible] ڈیڑھ دو سو صفحہ کی انگریزی کی کتاب لی جائے تو اس کے الفاظ کی تعداد قرآن کی نسبت زیادہ ہو گی۔ مطالعہ عام کی رفتار سے صرف دو دن میں سارا قرآن پڑھا جا سکتا ہے۔ قرآن کو [illegible] عام عربی زبان پر قیاس نہیں کرنا چاہئے قرآن کا اپنا دعویٰ ہے کہ قرآن آسان ہے تسلیم قرآن کا سب سے پہلا معجزہ یہ ہے کہ اس نے عرب کے شتربانوں کی زندگی میں ایک ایسا انقلاب پیدا کر دیا جو صدیوں کی رسم تعلیم و تربیت سے بھی پیدا ہونا ناممکن تھا۔ اگر قرآن واقعی مشکل اور ادق ہوتا تو عرب کے جاہل اور وحشی قبائل اس سے اسقدر جلد متاثر نہ ہو سکتے۔ قرآن کریم میں بے شمار [illegible] بار بار آتی ہیں۔ پھر قرآن کے بعض حصے ساتھ ہی دوسرے حصوں کی تفسیر کرتے چلے جاتے ہیں۔ اگر قرآن کو محض نفس [illegible] کی اصلاح و ہدایت کی نیت سے پڑھا جائے تو وہ کسی طویل صرف و نحو۔ منطق اور کلام اور فلسفہ کا محتاج نہیں۔ ضرورت صرف یہ ہے کہ اسے ادب و عقیدت سے باقاعدہ اور بار بار پڑھا جائے۔ اور تفکر و تدبر اور دل و دماغ کو حاضر رکھ کر اس پر غور کیا جائے پھر اس کے [illegible] معارف کے موتی از خود سطح پر آ جاتے ہیں۔

## قرآن کی طرف آؤ

برادران ملت! آپ خدا کے لئے اس رمضان سے قرآن کریم کا مطالعہ شروع کریں۔ ہر صبح خود قرآن پڑھیں اور اپنے متعلقین کو قرآن پڑھنے کی ترغیب دیں گھروں، دوکانوں، مسجدوں میں ہر جگہ قرآن کھولے جائیں ۲۷ رمضان المبارک کو تمام دنیائے اسلام میں یوم القرآن منایا جائے۔ ہر ایک شہر میں جلسے ہوں اور اس جوش و شان سے نوجوانان کو قرآن کی دعوت دی جائے۔ کہ ہر گوشہ عالم میں قرآن سے [illegible] جائے۔

## خان عبدالصمد خان اچکزئی کیساتھ جیل میں ناروا سلوک

بلوچستان کے محترم لیڈر خان عبدالصمد خان اچکزئی کو پچھلے دنوں حکومت بلوچستان نے تین سال کے لئے محبوس کیا تھا۔ سنا جاتا ہے کہ گورنر نے ان کو قید محض کی سزا دی تھی اور [illegible] کی سفارش کی تھی کہ خان موصوف کے ساتھ جیل میں اچھا برتاؤ کیا جائے لیکن ان سفارشات کو پس پشت ڈال دیا گیا ہے۔ اور ان کے ساتھ جیل میں عام قیدیوں سا برتاؤ کیا جا رہا ہے۔ اگر یہ سب کچھ حکومت بلوچستان کے ایما اور مشورے سے ہو رہا ہے تو ہم اس منتقمانہ رویہ پر صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں اور کہنے پر مجبور ہیں کہ حکومت اپنی اس سخت گیر [illegible] روش سے خود اپنی راہ میں کانٹے بچھا رہی ہے۔ خان عبدالصمد خان ملک و ملت کے لئے اپنے کو وقف کر چکے ہیں۔ [illegible] اس راہ میں [illegible] پہنچانے کے [illegible] گے۔ اگر کارکنان حکومت یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی سختیوں [illegible] تنگ آ کر خاموش ہو جائیں گے تو [illegible] خلاف قوم میں غم و غصہ کے جذبات پیدا کر رہے ہیں۔ اور [illegible] حکومت کے خلاف عوام کو مشتعل کر رہے ہیں۔

خان عبدالصمد خان [illegible] بلوچستان کے [illegible] اپنا [illegible] سمجھتے ہیں۔ [illegible] ہندوستان میں ان کی قدر و منزلت [illegible] ہے۔ [illegible] مخلص اور اعتدال پسند رہنما ہیں۔ اگر حکومت بلوچستان کے ارباب بست و کشاد میں [illegible] ہوتی تو ہمیں یقین ہے کہ وہ بجائے خان موصوف کو سزا دینے کے ان کا اعتماد حاصل کرنے کی کوشش کرتی اور ان کے مطالبات پورے کر کے عوام میں مقبولیت حاصل کرتی لیکن معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] سے کام لینے کی بجائے سختی کو زیادہ مفید سمجھتی [illegible]

Yousaf Aziz Magsi Chair

# بلوچستان کے حالات پر ایک تبصرہ اور تازہ گرفتاریوں پر اظہار خیال

( از جناب محمد امین خان کھوسہ )

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغ مصطفوی سے شرار بولہبی

حیات شعلہ مزاج و غیور و شور انگیز
سرشت اوسکی ہے مشکل کشی جفا طلبی

مجھے اپنے خیالات کی ترجمانی کے لئے بے ضرر قانون کی گرفت سے محفوظ معصوم اور نرم الفاظ کی تلاش میں کریم اللغات اور غیاث اللغات کی ورق گردانی کی ضرورت نہیں اور نہ ہی اس مقصد کے لئے [illegible] حکومت اور سرداران کی تعمیل کو حلال قرار دیتی ہے۔

کیونکہ میرے الفاظ کتنے ہی نرم کیوں نہ ہوں اور مطلب [illegible] اگر منظور ہو تو ان سے حیز داغ الفاظ [illegible] نکلیں گے۔ وہ ہوگا انقلاب، بغاوت، سرداروں کی [illegible] کی کوشش وغیرہ وغیرہ۔ چونکہ میں ان قابل قدر دماغوں کی [illegible] کا احترام کرتا ہوں اور انکی ذہانت اور غیر معمولی قابلیت کا اعتراف [illegible] انکے نتائج اخذ کرنے کے طریقے اور ذرائع میرے نزدیک بالکل قدرتی [illegible] ضرور ہوتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ ان کے مفسر اور شارح ہوتے تو تنا یہ [illegible] سے مبالغہ اور اسکے ساتھ دروغ مصلحت آمیز کا فن مفقود ہو جاتا۔ خیر میں [illegible] پر بغیر نقد و تبصرہ کئے ہوئے اپنے موضوع کی طرف رجوع کرتا ہوں [illegible] اس بات کا اظہار لازمی ہے کہ بلوچستان کے سرداروں [illegible] ایسے حضرات بھی ہیں جو قوم کا درد رکھتے ہیں۔ بعض ایسے بھی ہیں جو [illegible] اور نکتہ سنج دماغوں کے مالک ہیں۔ بعض ایسے بھی ہیں جو [illegible] کے ساتھ قومی مسائل کو سلجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ بعض اپنے آپ کو مزدور اور کسان کہلانے میں روحانی خوشی حاصل کرتے ہیں۔ بعض اللہ سے ڈرنے والے صوم و صلوٰۃ کے پابند رقیق القلب سچے مسلمان اور سچے انسان [illegible] لیکن یہ صرف بلوچستان نوجوان پارٹی کے اراکین اور منظلوم رعایا اور گورنمنٹ کے منصف مزاج افسروں اور خود سرداروں کے ایک روشن خیال طبقے کا ترجمانی [illegible] ہیں۔ یہ عوامی تحریک کی سرشت میں ہی شامل ہیں [illegible] کی ہیں۔ یا زمانے کے تغیرات حالات اور وقت کے دوش پھیرنے یا خواص [illegible] طبقہ تسخیر کے [illegible] نے ایسے اسباب مہیا کر دئے ہیں۔ کہ ہم سرداری سسٹم کو مجموعی طور پر ایک نہایت ہی نقصان دہ سمجھنے پر مجبور ہیں۔ ایک [illegible] سود مند [illegible] اور مفید پرزے سے بھی زنگ خوردہ ہو چکے۔ اور اس [illegible] کے اجزا ہونے کی حیثیت میں وہ بھی نقصان اور ضرر پہنچانے کے بغیر

کوئی اور کام نہیں کر سکتے۔ اسکو اچھی طرح سے سمجھا جائے جیسے کہ اگر ایک منشکر اور دودھ میں زہر ملا جائے تو اس مجموعے کا اثر یقیناً زہر قاتل ہوگا۔ اور یہ کوئی بات نہیں ہو گی کہ اس شکر اور دودھ بھی اس طرح سے نقصان کار ہیں۔ ضرور ہے کہ زہر [illegible] لیکن اس کے مجموعے کے اجزا ہونے کی حیثیت سے بھی زہر بن جاتے ہیں۔

سرداری سسٹم کی اگر تعریف کی جائے یوں کی جا سکتی ہے کہ انسانوں [illegible] اور سوراس [illegible] نظام میں جس انسانی اصول انصاف اور عدل کو کوئی [illegible] نہیں۔ یہ الفاظ دیگر یہ نظام قیام رکھتا ہے عزم سرداروں کے دماغوں میں [illegible] سرداروں کی [illegible] آپ کو انسانوں سے بالاتر سمجھنے کی حیثیت میں اس نظام [illegible] نہیں سکتے۔ اسکو اور بھی واضح طور کئے الفاظ میں سمجھ لیجئے۔ آپ [illegible] کو مطلع کریں کہ اپنے جو فیصلہ اپنے خاندان کے [illegible] اور کسی [illegible] کے درمیان [illegible] ہے وہ غیر منصفانہ ہے اور غیر اسلامی اور غیر فطری۔ اس لئے [illegible] بجائے اسکے کہ آپ کو اپنے فیصلہ کی سچائی اور معقولیت [illegible] وہ فوراً کہہ دینگے۔ کہ وہ ایک سردار ہیں اور ایک سردار عام آدمی [illegible] آپ نے نہ تو فرض لیا معلوم ہوتا ہے کہ آپ مخمور ہیں [illegible]

[illegible]

نواب یوسف علی خان نے اپنے تازہ قائم کئے ہوئے قومی جرگہ سے ایک قانون منظور کروانا چاہا۔ کہ تقسیم کشی کے معاملات میں سے سرداریت اور غیر سرداریت کو نکال دیا جائے۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز

کہ قانون کو صرف قانون تک محدود کرنا انصاف اور انسانیت کو قتل کرنا نہیں؟ اور جب خدا کے نزدیک بندہ اور بندہ نواز کا امتیاز نہیں تو پھر اس دنیا کے کون رہتا میں یہ کونسا امتیاز کیا؟

آئندہ شمسی کو زمین سے اس رقبہ کو دور ہٹایا جائے جو سرداری خاندان کی امتیازی حیثیت قائم کرتا ہے۔ اور اسکی جگہ [illegible] یا سرکیا جائے سرداری و تفرقی خاندانوں کی نظروں میں مساوی حیثیت رکھیگا۔

خود نواب یوسف علی خان اور [illegible] اس قانون کے پاس [illegible] جب [illegible] جیل [illegible] ایک عجیب اضطراب کی کیفیت پیدا [illegible] بے تحاشا شور ہوا کہ اس انقلابی سردار کے [illegible] صاحب [illegible] کی [illegible]

[illegible]

یہ ممکن ہے۔ جیسا کہ معترضہ تھا۔ باوجود ایسی تاریکی کے انہوں نے بلوچستان میں دیگر تمام نوع انسان کی طرح اپنی اچھائی برائی اپنی مادی تکلیف اور راحت کا احساس ہے۔ اور جب ان سے اپنی بے انتہا مصائب کے خاتمہ پر ہی اب کا پتہ پڑتا ہے تو وہ دائرہ عوام بلوچستان ان سے دور کرنے کے لئے پورا کرنے کے لئے تیار رہا کرتے ہیں۔ لیکن یہ حقیقت معلوم ہوتی ہے کہ اسکے آنکھوں کے سامنے پردہ ڈالا جاتا ہے۔ [illegible] انکو جہالت پر ہی رہنے دیا جاتا ہے۔

کوئٹہ کے ایک بڑے عالم کا سبب صرف یہ تھا کہ سردار [illegible] تھا۔ جیسا اب وہ مقبوضہ ہوا تو اس کے ساتھ [illegible] کو ہٹ جانا لازمی ہے۔ اسی لئے تو قوم بیچارے نئے سرداروں کی قسمت [illegible] ہے۔ گویا یہ ایک قسم کی تحصیل ہوتی ہے۔ سردار بچا نکلا تو خیر ورنہ وہی سوال اور چوکی۔ بلوچستان کی تاریخ ایسی [illegible] بہترین نمونہ ہے [illegible] اسکی تعریف ایک بلوچستان کے عزیز دوست [illegible] اس سے کی تیاری اور روشن دماغ [illegible] سے متعلق قابل تحریر ہے۔ لیکن [illegible] بلوچستان میں [illegible] نہیں لے سکتے۔ نیز ان کا حوالہ دینا ٹھیک معلوم نہیں [illegible] صاحبان کا ذکر [illegible] اب اپنے گورنمنٹ کی پالیسی پر ایک نظر [illegible]۔

گورنمنٹ کے نیک ارادوں کے [illegible] جاری رکھنے کی کوشش کا علم نہیں [illegible] انکو سمجھتے ہیں۔ ظاہر ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ حکام کی نظروں میں [illegible] ضرورت ہے۔ اور وہ جرم [illegible] سردار تو یہ ظاہر ہے کہ گویا کہ کوئی بھیڑ یا بکری نقصان کرے تو [illegible] آگے وہ بکری کو بھیڑ کو دیا جاتا ہے [illegible] کوئی ایک دو آدمی جرم کرے کہ معقول آدمی جرمانہ کے اور خون کو خون بہا نہیں دیتا۔

ہم بعض حکام (۱۰۰۰۰) اس معقول آدمی کی مانند ہیں جو انسانی جرموں کو ناچیز دیکھ کر بھی [illegible] نہیں ہوتے۔ اس حد تک جسے [illegible] میں ایک گدھا رہ جاتا ہے۔ چرواہا اپنی بکریوں کو [illegible] توڑتا ہے۔ لیکن وہ جذبہ انتقام سے کبھی نہیں۔ کیونکہ وہ [illegible] کا انحصار بکریوں کی [illegible] پر ہے۔ لیکن بلوچستان کو جو بھیڑ [illegible] معلوم ہوتا ہے۔ کہ مجھے یا تو جیسے کرنے میں اسکے پیٹ کی آتش پوری کی ہوتی ہے۔ مگر اسی بلوچستان کی مضبوطی کا پہ ہے۔ دنیا کے [illegible] ہر ملک خود ہمارے انگریز آقاؤں کے ملک کی بہتری [illegible] سرمایہ داری اور طاقت کی [illegible] ترقی کر رہی ہیں۔

ہندوستان کو [illegible] کسی اور [illegible] سیدھے دنیا میں بھی [illegible] اپنی حکومت کے [illegible] اور ان کی [illegible] ہر چاہے پنجاب ہو یا [illegible] سرداروں کو اور

خارجہ معاملوں [illegible] کے دور کی چکی چلتی رہیگی۔ اور غریب مزدور اور کسان پستے رہینگے۔ پس سچ تو یہ ہے کہ بلوچستان کو سردار کا سسٹم [illegible] دنیا کا مقدس زنجیر کی ایک کڑی ہے۔ غرضیکہ ؎

ہم ہوئے تم ہوئے کہ میر ہوئے

سب اسی زلف کے اسیر ہوئے

جب یہاں تک پہنچ گیا ہوں تو مناسب حال معلوم ہوتا ہے کہ بلوچستان سے ایک دو باتیں [illegible] ملکی غیر ملکی کی لغو بحث [illegible] ہوگئے اور وہ بھول بیٹھے کہ بلوچستان ہندوستان میں ہے۔ اور ہندوستان دنیا کا ایک حصہ۔

میں چند غیر ملکیوں کی جیب کو گرانی اور ملکیوں کی بھوک کی بے تابی کو محسوس کرتا ہوں۔ لیکن مجھے یہ بھی علم ہے کہ کس طرح غیر ملکیوں کا ایک طبقہ مجھے مجبور [illegible] پڑتا ہے۔ غیر ملکیوں مجھے وہی "برادری" جو برسر اقتدار [illegible] ملکیوں کے خلاف [illegible] ملکیوں کی جان و مال کا دشمن! اور اس کے (غریب) ہاتھوں میں سے خشک روٹی بھی چھین کر دنیا میں پھینکنے والا۔ کچھ اس بے دردی کا احساس نہیں ہوتا۔ کہ بیکس ہوں کہ ملکی ہوں یا غیر ملکی جیکی دشمنی اسکی بے حسی "اس میں ملکی اور غیر ملکی کی تمیز ناقص العقلی کی دلیل ہے۔ ملکی ہو یا غیر ملکی۔ ہندو ہو یا مسلمان ہر ایک پیٹ کا پجاری اپنے ہی پیٹ کی جغرافیائی حدود کو سب سے اول دیکھتا ہے۔ [illegible] پیٹ بڑا اتنی ہی زیادہ محرکات کی ہاتھ سے چھینی ہوئی روٹیاں [illegible] خدا محفوظ! لیکن یہی تماشا پھر بھی کوئٹہ کھڑا ہے [illegible] احباب کی وساطت سے بہت کچھ کرنے میں کامیاب نظر آتے ہیں [illegible]؟

ملکی اور غیر ملکی [illegible] بیشی استبداد دست کر رہیگا۔

وا کتا مجیان نازنچال [illegible] غم مخور

مجھے اس وقت یاد آتی اپنے قفس [illegible] کی ایک طرف مظلومیت اور بے کسی کا مکمل اور پورا انتظار دوسری طرف [illegible] کا [illegible]۔

میں پوچھتا ہوں کیا یہ بھی جرم ہے کہ [illegible] پر توجہ دلانے کے لئے ایک چیخ بلند کیا جائے یہ وہ چیخ چاہے فلک پر [illegible] توڑنے والا ایک ہے بلکہ لیکن اس کا مقصد صرف [illegible] اور غیروں کا [illegible]۔

افسوس ہے کہ بلوچستان کے چند خود غرض یا نیک ارادے رکھنے والے دانستہ یا سہواً اس کو سیم بیشی کو ایک توپ کی گونج سمجھ رہے ہیں اسکے علاوہ جنابت کی زور سے ڈھول اور بگل بجا بجا کر کہا جاتا ہے کہ بلوچستان میں سہولت ہے۔ آرام ہے اور عافیت۔ جو کچھ طوفان سنگر ابھرا ہے یہ چند مفسدوں کی، ماضی عیاشیوں کا نتیجہ ہے۔ وہ گھر بیٹھے بیٹھے یا علیگڑھ کالج میں پڑھتے پڑھتے بہک جاتے ہیں اور بجائے اخروٹ [illegible] کے ایک دو مضمون یا ایک تقریر [illegible] ہیں کہ بلوچستان میں ذرہ بھر اصلاحات کی ضرورت ہے۔ ورنہ ماشاءاللہ بلوچستان خود ایک خطہ بہشتی ہے جہاں نہ رنج نہ الم اسکے نظم میں کسی قسم کا تبدیلی کی ضرورت ہے اور نہ کسی ترمیم کی حاجت!۔

شاید بلوچستان کے ازلی اور ابدی نظام میں کسی قسم کے تغیر و تبدیل کی ضرورت واقعیت میں نہ ہو۔ اور شاید بلوچستان کو اس لحاظ سے ارضی بہشت قرار دیا جائے لیکن مشکل تو یہ ہے کہ اسکے باشندے تو ملائک ہیں اور بہشت کے مقیم حور سے پاک روحیں۔ بلوچستانی اور بلوچ بیچارہ تو گنہگار بہشت سے نکالے ہوئے آدم کی اولاد۔ اگر انگلینڈ کے دور حکومت جیمس اول کے قوانین میں انگلستان کے لوگ ترمیم کرتے ہیں۔ تو پھر کیوں بلوچستان میں ترمیم کا سلسلہ کو روکا جائے۔ جب زنجیر کو اصلاحات ہو سکتے ہیں۔ بلکہ یہ کچھ تبدیلی ہوتی ہے تو کیا وجہ ہے کہ بلوچستان پر کسی ایک قسم کی جہالت کا دور دورہ ہو۔ بلوچستان ایسے لوگوں کا واقعی مشکور ہے جو ایسے تغیرات زمانہ کے اثرات سے محفوظ سمجھتے ہیں۔ لیکن اسکے کچھ مجبوریاں بھی ہیں ؎

تا زیست فرض ضبط کی تعمیل ہے مگر

مجبوریاں بھی دیکھ دل ناصبور کی

اور جو حضرات یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ عبدالصمد یا یوسف وغیرہ کو کہاں میں کوئی مخصوص ملک کتا ہے اور وہ رقص میں اگر آپ سے باہر ہو اصلاحات اصلاحات پکار رہے ہیں۔ ایسے حضرات بھی شکریہ کے مستحق! لیکن ہم لوگوں کو ایسے نظریہ سے ذرہ اتفاق نہیں۔ ہم یہ سمجھ رہیں کہ عبدالصمد کا وجود میں آنا اور یوسف بہرحال کا طاری ہونا صرف ان چند نفوس تک محدود نہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ کسی ملک کے درد والم کی ایک پکار ہوتی ہے جو یوسف کی صورت پکڑ لیتی ہے۔ یا کسی رسم و رواج سے خونخوار زخم کھائے ہوئے معصوم دوشیزہ کے آنسو ہوتے ہیں جو کسی ادیب کے قلم سے ٹپک پڑتے ہیں۔ یا عزازیل بے گناہ مظلوم لوگوں کی صدائیں ہوتی ہیں۔ جو تحریکوں کی تحریروں اور تقریروں کا جوش بن جاتی ہیں۔

جب سارے بدن میں کوئی خرابی ہوتی ہے تب کہیں کوئی پھوڑا نکلتی ہے۔ پھوڑے کی جراحت سے مرض نہیں مٹتا مرض کو مٹانے کے لئے بدن کے معالجہ کی ضرورت ہے۔ یہ نہ سمجھو کہ عبدالصمد کے دماغ میں خلل واقع ہوا۔ اور اس نے ریشمی پگڑی کو زمین پر دے مارا اور اسکی جگہ ایک ٹوپی اپنے سر پر رکھ لی۔ اور یہ ایک مجنونانہ فعل ہے جو وہ کر رہا ہے۔ بلوچستان کی موجودہ خرابیوں پر اور پردہ ڈالنے کی حالت میں [illegible] کی زبان سے نکلتے ہیں وہ الف لیلیٰ کے قصے یا داستان [illegible] نہیں۔ بلوچستان کے درد ناک افسانے ہیں۔

کیا یہ عجیب منطق نہیں [illegible] پکار رہا ہے کہ قوم کو ان خرابیوں سے نجات دلاؤ۔ اور [illegible] بہتر کار ہے۔ حکومت کی [illegible] لینا چاہیے۔ اور اسکے بعد غور کرے کہ کہاں تک وہ صداقت [illegible] ان کا استعمال ہی در حقیقت ہر قسم کے بے چینی کے سد راہ ہو سکتا ہے۔ عبدالصمد کیا کھیل اور گوشہ میں ڈالنے سے

# گذارش بہ جناب سرورِ کائنات

(از حامد آف مستونگ)

مدتے شد در فراقت یا حبیبِ کبریا — شفقتے فرما برین دلدادۂ ات بہرِ خدا

روز و شب از ہجرِ تو رنجور و حیران ماندہ ام — کن دوا این عاشقِ خود اے طبیبِ حاذقا

گردشِ دوراں نازک گشتہ ابلیسِ لعین — می بر و از راہ مارا اِہْدِنَا اے مرشدا

گشت اسلام از ہمہ ادیان ضعیف و ناتوان — تو کشش فرما عطاے سید ہر دو سرا

مذہبِ باطل تغلب کرد بر اسلامِ تو — جلوہ کن تا از جہالت روز گردد لیلہا

امتِ تو منتشر گشتہ اند طائفہ — شیعہ، مرزائی، وہابی، شافعی اے رہنما

درمیانِ دشمنانِ دین گرفتار آمدیم — دستگیرے نیست جز تو یا محمد مصطفیٰ

این گنہگار حامد ست از طالبانِ دیدِ تو
کن عطائش از کرم اے مظہر شمس الدجیٰ

---

(از عنقا آف بولان)

دو "دور گشتہ" مدتے شد اے حبیبِ کبریا — شفقتے فرما "بزدِ ما ہیا" بہرِ خدا

دور کردن عاشقان [illegible] ترا — شیوۂ تو از لعبتیانِ جہان داری جدا

رحم و الطاف و مروت شفقت و [illegible] — از تو مے بود تا اکنون لیکن این غصہ چرا

گردشِ دوران بہ کامِ طالبان [illegible] — ما بجائے مہر مے بینم از و جور و جفا

نے بہ کامِ ما زمانہ نے تو کردی التفات — این چہ حالِ ما شدہ اے سید ہر دو سرا

بالشزم و دہریت تثلیث و تسلیمِ صنم — [illegible] دشمنانِ ما چہار اطراف ما

امتی از تو ندیدہ جلوہ فرقہ فرقہ شد — قادیانی و [illegible] ولواری [illegible] سیدا

صورتِ پروانہ ما سوزیم تا بر شمع یک
جلوۂ ارزان دار و این جانب اے نور الہدیٰ

---

[illegible] حالات اور واقعات میں فرق آگیا؟ —

[illegible] جہالت کا بانی اور خدانخواستہ سمجھے، اور غیرہ کا رائج [illegible] رسم و رواج کا مروج کرنے والا — حقوقِ نسواں [illegible]

[illegible] ہے کہ وہ کوستانے والا — چوروں کا سردار — [illegible] تو اسکو جیل میں بند کرنے کے [illegible] کو انکے بند میں ڈالتے ہی یہ سب شکایات رفع ہو جائینگی [illegible] ان چیزوں کا نہ تو بانی ہے اور نہ ہی اسکی ذات کے ساتھ انکا [illegible] تعلق ہے۔ وہ صرف یہ کہتا ہے کہ ملک میں جہالت ہے۔ وہم پرستی [illegible] غیر شرعی اور غیر فطری چیزوں کا رواج ہے اس جرم میں اسکو قید [illegible] زبردستی کا مظاہرہ ہے۔ کیا ملک میں جہالت [illegible] انکی وغیرہ نہیں ہے عورتوں پر شدید ظلم نہیں [illegible]؟

[illegible] حالات میں [illegible] اور حکومت عبد الصمد کے [illegible] ان چیزوں کا [illegible] نہیں [illegible]؟

حکومت کو ایسے اشخاص کا مربی [illegible] ہونا چاہیے جو انکی [illegible] انکے ذہن کی طرف منتقل [illegible] ہمیں توقع ہے کہ عبد العزیز [illegible] اور خان عبد الصمد خان کے فیصلوں پر نظر ثانی [illegible] گی۔ اور انہیں جلد آزاد کیا جائیگا —

## بجواب مستونگ انٹ گرلی

(از ایک بیچارا مجنون)

صبا برو تو بہ عنقا سلام ما برسان
فضائے بخش نسیم سحر چرا دورست
[illegible] راستان محبت اگر ہلاک شویم
[illegible] شیوۂ اہلِ طریق مجبورست
[illegible] تیغ طعنہ چو لالہ منم بہ سینہ شگاف
وگرنہ داغِ محبت ہمیشہ مستورست
شنیدہ ام کہ باظہار گفت گوئی کو د[illegible]
[illegible] دل جانِ حیوان لبا کرد رنجورست
[illegible] قبول [illegible] سر من ہزار سنگ محسن
[illegible] شق من قیامت و معذورست

## پنجگور مکران کی سرداری کا مسئلہ

ہمیں جناب عزیز احمد (کوہواہ) کی طرف سے ایک طویل خط موصول ہوا ہے جس کو ہم ضروری قطع و برید کے بعد دو تین اقساط میں شایع کرینگے۔

(مدیر)

محترم مکرم بندہ جناب ایڈیٹر صاحب دام ظلکم۔

السلام علیکم مزاج مبارک۔ عرض آنکہ بلوچی اخبارات میں دربارہ سرداری پنجگور مکران نیابین سردار میر محمد حسن خان۔ اور سردار محمد علی خان جو شایع ہو رہے ہیں بہت حد تک غلط ہیں۔ اسلئے فدوی پنجگور کی سرداری کے تمام حالات کو ذیل میں جناب کی خدمت میں بالتفصیل بالترتیب بھیج رہا ہے۔ امید لطف و کرم سے اپنے اخبار میں شایع کرکے مشکور فرماویں۔ (۱) پنجگور کا سردار اصل سردار [illegible] تھا [illegible] بعد برادر مرحوم کا بڑا بیٹا میر گورام خان سردار قرار پایا [illegible] سرداری [illegible] انقلاب سے بڑا لڑکا میر مولاداد خان سرداری کا حقدار [illegible] گیا (۲) اس [illegible] میر مولاداد خان کو کچھ عرصہ سرداری کرتے رہنے کے بعد سردار محمد علی خان کے باپ میر [illegible] خان نے [illegible] مروا دیا۔

(۳) اس موقعہ پر سردار میر محمد حسن خان کا باپ سردار میر [illegible] خان اور انکے بھائی میر قائم خان نے جو سائی اور پنجگور کے ممتاز ترین اشخاص تھے [illegible] اور میر [illegible] خان سردار میر عیسیٰ خان کے بڑے لڑکا کو سائی و پنجگور کا سردار مقرر کیا [illegible] پنجگور کی سرداری [illegible] خان [illegible] میں لیا۔ سردار میر گچیان اور انکے بھائی میر عبداللہ خان کو جو سردار میر عیسیٰ خان کے بھتیجے [illegible] تھے اپنی خوشی اور رضا مندی سے [illegible] مراعات فرج و اخراجات رہا۔ باقی سارے پنجگور کی سرداری کو اپنے قبضہ میں کر لیا۔ اگرچہ میر قائم خان سردار میر عیسیٰ خان کا بڑا بھائی تھا۔ لیکن مکو ایسی لیاقت نہیں تھی اور سردار [illegible] بہت بار سوخ اور بیدار مغز تھا۔ پنجگور کی سرداری انہوں نے لی اور میر قائم خان کو برائے سائی و پنجگور مقرر کیا۔ انکے عہد میں مکران سے بہت کم آمدنی خان مرحوم میر خدا داد خان [illegible] کے قلات کو ملتی تھی۔ مگر انکے رجحان اچھا تھا پیدا ہوئی چونکہ سردار میر [illegible] خان بہت سمجھدار انسان تھا اس نے اپنی لڑکی کو میر [illegible] خان زہری [illegible] کے عقد میں دی۔ اور انہیں بیٹے کا نکاح سردار میر آزاد خان زہری کی لڑکی سے کروایا۔ اس صورت سے اپنی طاقت مضبوط کرکے باقاعدہ حکومت کرتا رہا۔ اعداء کے اکسانے سے سردار میر گچیان پنجگور کی سرداری کے لئے اکثر [illegible] میں لگا سردار میر [illegible] خان [illegible] خاندان کے ہاتھوں قتل ہوا۔ یہ اصل حالات ہیں بعض شخصیں پروپیگنڈا کرتے ہیں کہ سردار محمد حسن خان سردار محمد علی خان سے بہت بڑا ہے۔ حالانکہ سردار محمد حسن خان کی ولادت کئی سال پیشتر سردار محمد علی خان کا باپ میر [illegible] خان [illegible] فوت ہو چکا تھا لہٰذا یہ پروپیگنڈا بہت شرمناک ہے۔

(باقی پھر کبھی)

اگر اخبار طریقہ ناپسند نہیں کرتے۔ تو ذکر ہی۔ مگر یہ کہاں کا انصاف کہاں کی تہذیب اور کہاں کا مذہب ہے کہ ہمیں نقصان پہنچانے کی کوشش کریں۔ اسلئے ایسے احباب آئندہ کے لئے ہمیں معذور فرماویں۔ ہمیں کسی امداد کی ضرورت نہیں۔ وہ اپنا پیسہ اپنے پاس رکھیں۔ خدا کے یہ شمار نوازوں کے دروازے حق کی اشاعت کرنے والوں کے لئے ہر [illegible] کھلے ہوئے ہیں۔

## مسلمانانِ ہند کے افلاس کا علاج

### سیرت کمیٹی بیس ہزار کتابیں مفت تقسیم کریگی

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڑھ کی اقتصادی کمیٹی نے ۱۰ سال کی [illegible] اور تحقیق کے بعد مسلمانوں کے افلاس کا علاج" کے نام سے ۲۰۰ صفحے کی ایک پر حقیقت اور بے مثال کتاب شایع کی ہے یہ ایک کتاب ایک پورے کتب خانہ کے برابر ہے اور ہمیں عبرت ناک اور پر درد ہے کہ جو بھی مسلمان اسے ایک دفعہ پڑھیگا اسکی آنکھیں کھل جائینگی۔ کتاب کی مقررہ قیمت عہ ہے۔ سیرت کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ محصول ڈاک اور پیکنگ وغیرہ کے لئے صرف ۳ پیسے لیکر مسلمانوں کے اس عظیم الشان اور بے مثال کتاب کی ۲۰ ہزار جلدیں تقسیم کی جائیں۔ ہر شخص جتنی کتابیں درکار ہوں ۳ پیسے فی جلد کے حساب سے ڈاک ٹکٹ بھیجے جائیں۔ صرف ائمہ مساجد کے لئے اور بھی رعایت ہے۔ ہر ایک امام مسجد کارڈ لکھکر ایک جلد بالکل مفت حاصل کر سکتا ہے۔ سیرت کمیٹی نے اپنا حق ادا کر دیا ہے۔ اب ہر ایک سچے مسلمان اور ہر درد مند اخبار نویس سے پر زور اپیل ہے کہ وہ اپنا حق ادا کریں۔ اور اس اعلان کو اپنی پر زور تائیدی نوٹ کے ساتھ متعدد مرتبہ جلی قلم کی جدولوں میں شایع کرکے ثواب دارین حاصل کریں۔ کیونکہ مرد مومن بھی آنکھیں کھولنے اور دیکھنے کو مسلمان کیا تھے۔ اور اب کیا ہو رہا ہے؟

(محمد عبدالمجید قریشی سیکرٹری سیرت کمیٹی پٹی ضلع لاہور)

## سو باتوں کی ایک بات

بلوچستان جدید کے اجراء کی غرض و غایت تجارتی نقطہ خیال سے عمل میں نہیں لائی گئی تھی اسلئے کہ سرمایہ داروں اور دولت مندوں [illegible] کی طرح ہر اپنے لئے جہنم کی دہکتی آگ میں جلنے کے سامان پیدا کریں۔ اور نہ اسلئے کہ رب کعبہ کی بجائے دوسرے کے سامنے دست سوال دراز کرکے [illegible] خرچ نکالا جائے۔

بلوچستان جدید، مظلوموں کی داستان مظلومیت کہنے، بد نصیب بلوچستان کے برباد حالوں کے قصے سنانے، اہل کے مقابلے میں صدائے حق بلند کرنے اور بلوچستان والوں کے فطری حقوق کا مطالبہ کرنے کے لئے جاری کیا گیا۔ اسلئے اسکی حفاظت۔ معاونت اور سرپرستی وہی غیبی طاقت کریگی۔ جس نے اپنا یہ کام ہمارے سپرد کیا ہے۔ مگر ہمیں اپنے عزیز وطن میں رہنے والے ان بھائیوں سے ضرور شکایت ہے جو ارادہ و بیکری [illegible] طلب کرتے ہیں۔ مگر اسے وصول کرنے کی تکلیف گوارا نہیں فرماتے۔

ایسے حضرات سے ہمیں مجبوراً کہنا پڑتا ہے۔ ایک اسلام کے سچے فرزند کو اس قسم کی بداخلاقی زیب نہیں دیتی۔ وہ

## جہادالوبی

### اچکزئی سٹورس

### بلوچستانیونکی اپنی دوکان

ہم نے آپ بلوچستانیوں کی تکلیف کا احساس کرکے اپنی دکان کھولی ہے ہر قسم کی چائے کے ساتھ ساتھ اپنے وطن کی نئی اور عمدہ [illegible] معیاری کپڑا وغیرہ وغیرہ مہیا کی ہیں باوجود اسکے آپ کو ہمیشہ نفع [illegible] اسکان اور بار عایت مل سکتی ہے۔

محمد ایوب عبدالقدوس بازار صرافان کوئٹہ

## دَ لیشتانہ خوئونہ

تمام افغانی بھائیوں اور بالخصوص بلوچستانیوں کو معلوم ہو کہ آپ کے ملک یونانی طبی کالج دہلی کا سند یافتہ فاضل الطب والجراحت عالیجناب حکیم حاجی عبدالرحمن خانصاحب قندھاری بازار [illegible] بلوچستان نے بڑی محنتوں اور کاوشوں کے بعد اپنے افغان اور بلوچستان بھائیوں کی تکلیف کا احساس فرماتے ہوئے افغانی جنتری ۱۳ [illegible] شمسی نام سے ایک کتاب ترکیب دی ہے۔ جس میں سال رواں کی جنتری کے علاوہ تمام امراض اور انکے مجرب نسخہ جات تجارتی ادویہ۔ علاوہ اسرار عطاریہ۔ فہرست ادویہ مرکب روحانی دواخانہ بھی تفصیل کے ساتھ دئے ہوئے ہیں۔ پشتو زبان میں اخلاق محسنہ پر حکیمانہ بحث بھی کی گئی ہے یا یوں سمجھو کہ کتاب امراض جسمانی کے نسخوں کے ساتھ امراض روحانی کے نہایت مفید نسخوں کا بھی حامل ہے۔ باوجود اسکے قیمت چار آنے رکھی ہے [illegible] تمام بلوچستانی بھائی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ [illegible] رہیگا۔

## ملنے کا پتہ

### دفتر اخبار بلوچستان جدید

### بارنس سٹریٹ کراچی

مسٹر عبدالغفور خان ڈپٹی صدر خزانہ کوئٹہ (بلوچستان)
Quetta
Baluchistan

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۳۳


اللہ اکبر

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

ہفت وار

وطنیات
طریقت بجز خدمتِ خلق نیست
بتسبیح و سجادہ و دلق نیست
(سعدیؒ)

الٰہیات
(افضل العبادت خدمت الناس)
لوگوں کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے
(حدیث)

# البلوچستان جدید

مدیر
میر محمد حسین [illegible]

معاون
محمد حسین عنقا

| جلد | یوم [illegible] ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۳ھ مطابق ۸ مئی ۱۹۳۴ء | شمارہ ۸ |
|---|---|---|


## وفائے جفا نما

مسلمان اہل تعلیم قرآن ہوتے جاتے ہیں
علمبردار باطل کے پریشان ہوتے جاتے ہیں

جگایا ٹھوکروں نے خواب سے افرنگ کے ہم کو
ہم اگلے دن بدن مشکور احسان ہوتے جاتے ہیں

ہے جب سے برق استبداد کی تیرے شرر باری
میرے [illegible] گلستان ہوتے جاتے ہیں

جہاں میں پاس ناموس وفا کے واسطے اپنے
غلامانِ محمدؐ زیب زندان ہوتے جاتے ہیں

پتنگوں کی طرح سے نوجوانانِ وطن میرے
شعاعِ شمعِ آزادی پہ قربان ہوتے جاتے ہیں

میرے اہل وطن کے گو جگر چھلنی ہیں دل لیکن
شرر بنکر ہم ان کے دل میں پنہاں ہوتے جاتے ہیں

میرے اس رات دن شام و سحر کی خونفشانی سے
شہیدانِ محبت گل بداماں ہوتے جاتے ہیں


پرنٹر [illegible] نے [illegible] پریس [illegible] کراچی میں چھپوا کر دفتر بلوچستان جدید [illegible] اسٹریٹ کراچی سے شائع کیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# بلوچستان جدید

۸ مئی سنہ ۱۹۳۴ء

## بلوچستان میں واقعات کی رفتار

### سردار مگسی کو معزول کرنے کے عزائم

حکومت بلوچستان کا بڑھتا ہوا تشدد

آج بلوچستان اپنی سیاسی زندگی کی اس ابتدائی منزل کو طے کر رہا ہے جسے مدتیں ہوئیں ہندوستان کا ہر صوبہ طے کر چکا ہے۔ اور جو حالات اس وقت اس خطے میں رونما ہو رہے ہیں۔ وہ کم و بیش ہر جگہ رونما ہو چکے ہیں۔ اور تیز و تند حکمت عملی بلوچستان کی حکومت نے اختیار کر رکھی ہے۔ اس کا تجربہ ہر صوبہ کی حکومت کر چکی ہے۔ ہندوستان کیا بلکہ دنیا کی سیاسیات ظاہر کرتی ہے کہ ایسے موقعوں پر سخت گیر اور تشدد والی پالیسی آج تک کامیاب نہیں ہو سکی۔ اور حکومتوں کو انجام کار پشیمان ہونا پڑا ہے۔ مگر اس قسم کے بے شمار تجربوں اور مشاہدوں کے بعد بھی بلوچستان کی حکومت ان تجربوں کو پھر سے دہرانے پر تیار ہوتی جا رہی ہے۔

بلوچستان صدیوں کی غفلت کے بعد بیدار ہوا ہے۔ اس کے نوجوان چاہتے ہیں کہ ان کا پسماندہ ملک بھی مذہبی۔ اخلاقی۔ اقتصادی۔ تمدنی اور معاشرتی لحاظ سے کم از کم ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے برابر ہو جائے۔ مگر بلوچستان کی حکومت کے بعض ناعاقبت اندیش عمال اور ملک و قوم کے چند دشمن سردار مخالفت کر رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ آنے والی صدیوں تک بلوچستان تباہی اور زبوں حالی کے تباہ کن بھنور میں پھنسا رہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیروان نظم و نسق نے ایسے جوانوں پر ستم ڈھانا شروع کر دیا ہے۔ جو بلوچستان کی سرزمین پر ایک نئی حکومت چاہتے ہیں۔ جو رسومات کی بجائے اسلامی شریعت کا مطالبہ کرتے ہیں۔ جو [illegible] رکھتے ہیں۔ جو جرگے کی اصلاح اور اس کا آزاد انتخاب چاہتے ہیں۔

[illegible] اور [illegible] یہ وہ گروہ [illegible] سردار [illegible] جا رہے ہیں۔

تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ [illegible] کشاد کے جور و استبداد کا دائرہ روز بروز وسیع ہو رہا ہے۔ بلوچستان کے نواب اعظم خان عبدالصمد خان اچکزئی اور ضیغم بلوچستان [illegible] سنگین سزائیں دینے کے بعد بھی ان کے انتقام کی آگ ٹھنڈی نہیں ہو سکی۔ اب انہوں نے فخر بلوچستان نواب محمد یوسف علی خان [illegible] سے سرداری چھین لینے کی ٹھان لی ہے۔ جن کا قصور صرف یہ ہے کہ وہ بلوچستان کے لئے اصلاحات چاہنے والے نوجوانوں کے حامی ہیں۔ مگر دنیا کو دکھانے کے لئے جو بہانے تراشے گئے ہیں۔ اور جو امور تنقیح قائم کئے گئے ہیں وہ بے حد افسوسناک اور مضحکہ خیز ہیں۔ مثلاً یہ کہ نواب صاحب کسی دربار میں حاضر نہیں ہوئے۔ خان قلات کے جشن تاجپوشی میں شرکت نہیں کی۔ اور خان قلات سے اجازت لئے بغیر وہ یورپ چلے گئے ہیں۔ اس لئے وہ سرداری کے قابل نہیں۔ انہیں سرداری سے برطرف کیا جائے۔ حالانکہ نواب صاحب گزشتہ دسمبر سے علالت کے باعث اپنے تمن کے معاملات اپنے سربراہ کے سپرد کر چکے ہیں۔ اور اس امر کی اطلاع باقاعدہ طور پر افسران متعلقہ کو دی جا چکی ہے۔ ان کا قائم مقام ایسے تمام موقعوں پر حاضر ہوتا رہا ہے۔ اب ان حضرات سے پوچھا جائے کہ کیا نواب صاحب کی عدم شرکت کوئی ایسا ناقابل عفو جرم ہے۔ جس کی پاداش میں وہ سرداری سے معزول کئے جانے کے سزاوار ہو سکتے ہیں؟ کیا وہ خان قلات کے ذاتی ملازم ہیں۔ جو ان سے اجازت لیکر جاتے؟ یہ حقیقت ہے کہ وہ پرنسپل ایجنٹ قلات اور وزیر اعظم قلات کے مشورے سے بغرض علاج انگلستان گئے ہیں۔

ہم حکومت کے ایسے حلقوں سے دریافت کرنا چاہتے ہیں کیا نواب صاحب خاران بھی سرداری کے اہل نہیں کیونکہ وہ کبھی بھول کر بھی ایسے موقعوں پر حاضر نہیں ہوتے۔ نواب خیر بخش خان مرحوم بسا اوقات درباروں میں نہ آتے تھے۔ کیا ان کو سرداری سے برطرف کیا گیا تھا؟ وہ ایک دفعہ [illegible] جرگہ میں شرکت نہ کی۔ ایسے کیوں سردار رہنے دیا گیا ہے؟ اس دفعہ سردار زرک زئی باوجود کئی بار بلانے کے دربار میں نہ آیا۔ اسے کیوں نہیں معزول کیا جاتا؟ کیا بلوچستان کے دوسرے سردار حکومت یا خان قلات سے اجازت لیکر بلوچستان سے باہر جاتے ہیں؟ اور اگر وہ ایسا نہیں کرتے اور یقیناً ایسا نہیں کرتے۔ تو ان کو کیوں نہیں سرداری سے ہٹایا جاتا؟ کیا بلوچستان کا وہ نواب سرداری کے قابل ہے۔ جو ایک عرصہ سے دس ہزار بے زبان انسانوں کو محض اپنی خاطر غلام بنائے ہوئے ہے؟ کہ وہ اسکی سرداری کو تسلیم نہیں کرتے۔ اور یوسف علی خان جن پر قوم جان چھڑکتی ہے سرداری کے لائق نہیں۔ کیا مرحوم نواب [illegible] سرداری کے قابل تھا۔ جسکو قوم کی درخواست نے [illegible] کر دیا تھا۔ اور یوسف علی خان جسکی سرداری کو مگسی قوم کا بچہ بچہ خوشی سے تسلیم کرتا ہے۔ سرداری کے لائق نہیں۔ کیا بلوچستان کے وہ تمام سردار جنکی قومیں انسے نالاں ہیں سرداری کے اہل ہیں۔ اور یوسف علی خان جسکی خوبیوں کے مگسی قوم گا گا کر گیت گاتی ہے سرداری کے اہل نہیں؟ کیا غارتگر۔ رہزن اور ڈاکہ مارنے والے قبائل کے سردار سرداری کے لائق ہیں۔ اور امن پسند قوم کا سردار یوسف علی خان سرداری کے لائق نہیں؟ کیا بلوچستان کے ایسے سردار جو قوموں کو لوٹ کر شاندار موٹروں میں پھرتے ہیں۔ عالیشان محلوں میں رہتے ہیں۔ اور دنیا بھر کی ناپاک عشرت کرتے ہیں۔ سرداری کے قابل ہیں؟ اور یوسف علی خان جس نے اپنا سب کچھ قوم بلکہ سارے بلوچستان کے لئے وقف کر دیا ہے۔ سرداری کے لائق نہیں؟ [illegible] سردار [illegible] قلات کی کونسل نے [illegible] وہ آج سرداری کے قابل [illegible] آگے ہے تو صاف معلوم [illegible] حکومت کا یہ [illegible] مگسی قبیلے نے [illegible] اعلان کیا ہے۔

نواب صاحب کی ذات گرامی [illegible] ہندوستان بھر کی تمام [illegible] بلوچستان اور [illegible] بلوچستان کا ہر کوئی آپ کے نام کا [illegible] سرداری پر [illegible] کے قلیل عرصہ میں [illegible]

...گنگ، چرس اور دیگر منشیات کا جن سے نقص نسلیں تباہ ہو رہا تھا۔ اپنے علاقے سے نام و نشان تک مٹا دیا ہے۔ مقدمہ بازی کی لعنت کا ایسا جنازہ نکالا ہے۔ کہ دو سال میں ان کی قوم کا کسی قسم کا بھی جھگڑا جرگہ یا عدالت میں نہیں گیا۔ دینی اور دنیاوی تعلیم پھیلانے کے لئے علاقہ بھر میں مدارس کھلوا دئے ہیں۔ ایسی اعلیٰ صفات کے مالک سردار کو ملک و قوم کی دشمن قلات سٹیٹ کونسل نے سرداری سے معزول کرنیکا فیصلہ کر لیا ہے۔ جس پر قوم کی تشویش حاصل کرنے کے لئے ارباب کرم خان نائب وزیر قلات۔ مسٹر [illegible] خان (کمشنر بلوچستان) وڈیرہ [illegible] اور سردار رسول بخش مینگل پر مشتمل چار آدمیوں کا وفد ۲۶ اپریل کو بھیجا گیا۔ لیکن قوم نے جو اپنے سردار کو دل و جان سے چاہتی ہے اس نامعقول فیصلے کو ٹھکرا دیا۔ جس پر سردار میر محبوب علیخان نواب صاحب کے برادر اصغر [illegible] کے مقدس اور معتبر [illegible] کو گرفتار کر کے مستونگ لے جایا گیا ہے۔ جہاں ان [illegible] کوشش کی جائیگی۔ اور اگر وہ راضی ہو گئے [illegible] مقرر کیا جائیگا۔

حکومت کو معلوم ہونا چاہئے کہ نواب محمد یوسف علیخان کو سرداری [illegible] قوم کی ہے۔ اور قوم کی مرضی کے خلاف [illegible] سردار کو دنیا کی کوئی طاقت برطرف نہیں کر سکتی۔

چاہئے حکومت مگسی قوم کے [illegible] دے۔

حکومت کرنے والے خطرات [illegible] اگر مگسی [illegible] سردار کو راضی ہونے کے لئے مجبور کیا گیا [illegible] ہجرت [illegible] اور ملک میں ایک ایسا ہیجان اور ایک ایسی بدامنی پیدا ہو جائیگی۔ جس کا [illegible] حکومت کے لئے مشکل ہو جائیگا۔ [illegible] طاقت و قلات کے ساتھ دخل دینے پر مجبور ہو جائیگی۔ بلوچستان [illegible] اپنے [illegible] بھیجنا شروع کر دیگی۔ جس سے [illegible] حکومت کے لئے [illegible] پیدا ہو جائیگی۔ اور حکومت کی مشینری کے ان پرزوں کو جو براہ راست حکومت کے خلاف اشتعال پیدا کرنے کے ضامن ہوتے ہیں۔ اپنی غرض [illegible] پورا کرنے کا موقعہ ہاتھ لگیگا۔

ہم حکومت کو مشورہ دیتے ہیں کہ اگر وہ بلوچستان میں امن قائم کرنا چاہتی ہے۔ تو عوام کے جذبات سے کھیلنا چھوڑ دے۔ بلوچستان کے مظلوم رہنماؤں کو رہا کر دے۔ مگسی کے سرداری میں دخل نہ دے۔ اور اہالیان بلوچستان کے فطری مطالبات کو تسلیم کر کے ان رستے ہوئے زخموں کو مرہم پٹی کرے۔

کیونکہ حکومت کے دراصل معنی ہی یہی ہیں کہ وہ پبلک میں امن پیدا کرے۔ حکومت کی محض ضرورت ہی اسلئے ہوئی کہ وہ پبلک کے فطری حقوق بہم پہنچانے میں سہولتیں پیدا کرے۔ حکومت کا قیام ہی اس بات پر ہے کہ وہ پبلک کو سکھ دے۔ اور پبلک کی فطری خواہشات کو پورا کرے۔ [illegible] حکومت پبلک کی پرواہ نہ کرے تو اس کا نتیجہ نہایت ہی خطرناک نکلا کرتا ہے۔

# [illegible]

## کیا پدی اور کیا پدی کا شوربہ

سید غلام محی الدین شاہ صاحب قبلہ سادات پشین کے بزرگوں میں سے ہیں اور باثر ہیں۔ کہ وہ اپنے اجداد کے نقش قدم پر چلنے کی تکلیف گوارا نہیں فرماتے۔ کیونکہ آپ کو حکومت نے بلوچستان کے مضحکہ خیز جرگے کا ممبر بنایا ہوا ہے۔ جس سے آپ کو اپنی پوزیشن کی نسبت یا شک غلط فہمی ہو گئی ہے۔ کہ ان کے نزدیک ہر اس دو ٹانگ والے جانور کو جس پر لفظ آدمی کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ آپ سے تھر تھر کانپنا چاہئے۔ چاہے وہ امیر ہو یا غریب دانا ہو یا احمق۔ شریف ہو یا بدمعاش۔ شاہ ہو یا گدا۔

ہم تو سید صاحب محترم کی ذات گرامی کی صفات سے بالکل ناواقف تھے۔ خدا بھلا کرے ہمارے نامہ نگار کا جنہوں نے ہماری معلومات میں گرانقدر اضافہ کرتے ہوئے سید صاحب جیسے عظیم الشان اور فخر سادات ہستی کو دنیائے اسلام سے روشناس کرایا۔ تقریب یوں کہی جاتی ہے۔ کہ کہیں خان عبدالسلام خان اچکزئی سے سید صاحب کی طاقت و قوت کا اعتراف نہ ہو سکا۔ اور سید صاحب کے غصے نے جو زور مارا۔ تو آپ کو [illegible] جرگے کا ممبر بنا گیا۔ جس [illegible] خان اچکزئی کو سنگین سزا دی۔ پھر کیا تھا۔ آپ آستینیں چڑھا اور [illegible] پیچھے جا کر اپنی طاقت کے مظاہرے پر اتر آئے۔ خان صاحب کو جو سزا ملنی ہی تھی۔ مگر سید صاحب قبلہ کو اپنی طاقت کی سند ہاتھ لگ گئی۔

### خدا گنجے کو ناخن نہ دے

کہا جاتا ہے۔ کہ وہ اپنی اس شاندار کامیابی پر جامے سے باہر ہو رہے ہیں۔ اور پھولے نہیں سماتے ہیں۔ کہ دیکھا عبدالسلام خان میری طاقت کو نہ مانتا تھا۔ میں نے کیسے اس کے بھائی کو سزا دی۔ واہ! واہ! واہ! سید صاحب آداب عرض! کیا کہنے آپ کی جبروت و طاقت کے بیشک آپ جیسی ذہنیت کے سادات کو ایسا کرنا ہی چاہئے۔ سبحان اللہ! کیا خوبصورت جرگہ نظام ہے۔

ہزار جان سے واشگاف بے اختیار قربان ہونیکو جی چاہتا ہے جس نے انصاف و عدل ایسے نیک اور برگزیدہ ہاتھوں میں دے رکھا ہے۔

لیکن اب وہ تو ہوا۔ جو کچھ ہوا۔ مگر ہمیں تو یہ خوف ہے کہ وہ کبھی کسی انگریز کو مرعوب کرنیکی کوشش نہ کر بیٹھیں جو ان کے تمام بل نکال دے۔

اور خدا نخواستہ یہ طفلانہ حرکت سید صاحب کی تمام شیخیاں کر کری نہ کر دے۔ اور پھر وہی ملا کی دوڑ مسجد تک کا معاملہ نہ رہ جائے۔

کہتے ہیں کہ حال ہی میں ایک زندہ دل امریکن کا انتقال ہوا ہے۔ جس نے نہایت پرلطف وصیت کی ہے جس کے بعض حصے نذر ناظرین کئے جاتے ہیں۔

اپنی بیوی کے لئے میں اس کا عاشق چھوڑے جاتا ہوں میں اتنا بے وقوف نہیں تھا جتنا کہ وہ مجھے سمجھتے تھے۔

اپنے بیٹے کے لئے میں وہ خوشی چھوڑے جاتا ہوں جو اپنی روزی خود کمانے سے حاصل ہوتی ہے۔

اپنے نوکر کے لئے میں اپنے وہ تمام کپڑے چھوڑے جاتا ہوں جن کو اس نے اب تک نہیں پہنا۔

اپنے ڈرائیور کے لئے میں اپنی موٹریں چھوڑے جاتا ہوں تاکہ وہ اپنے شکست در شکست کے شوق کو پورا کرے۔

اس سلسلے میں ہمیں خوف ہے کہ اگر کبھی سید صاحب کو وصیت کرنے کی حاجت پیش آئی تو کہیں اپنے [illegible] کے لئے [illegible] بطور ارث چھوڑ نہ جائیں [illegible] کے لئے تھر تھر کانپنا [illegible]

[illegible] غیب سے کیا ہو ظہور

بلوچستان جدید میں
اشتہار دینا کلید
کامیابی ہے

Yousaf Aziz Magsi Chair

# تکمیلِ انسانیت

## طبع زاد افسانہ

(از محمد یوسف علی خان مگسی)

### (۲)

### گذشتہ سے پیوستہ

[illegible]

نعمت الٰہی سمجھتا تھا ۔ ملیح کنول کو پھول پانی میں ۔ بجز [illegible] سے پاک سمجھتا تھا ۔ اسکے اسباب اور نا دیدہ کے اسباب تعیش سے اسکو کسی قسم کی دلچسپی اور دلبستگی نہ تھی ۔ مطالعہ کے مد شغف سے احباب بھی اکثر آشنا و ممتاز رہتے ۔ مشہور رسالہ جات و اخبارات کے مستقل خریدار تھے ۔ علامہ سر اقبال اور مولانا الطاف حسین حالی کی تصنیفات کے مطالعہ نے ایسے عقائد کو [illegible] سانچے میں ڈھال دیا تھا ۔ قوم کی موجودہ بے کسی اور بے حسی نے ان کے خیالات میں ایک انقلاب عظیم پیدا کر دیا تھا ۔ وہ اکثر اقبال کے اشعار گنگنا رہتا ۔

عمر لیست کہ آوازۂ منصور کہن شد ؛ من از سر نو جلوہ دہم دار و رسن را

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کارواں بے حس ہے آواز درا پیدا تو ہو ؛ پھول بے پروا ہیں تو گرم نوا پیدا تو ہو

(۵) دسمبر کو شروع ہے ۔ اخبار عالم دنیا میں اچھل بھی ہو گی ہے ۔ الذین [illegible] ماہ دسمبر کے اجلاس لاہور میں منعقد ہو گا کے عنوان سے کئی نظم سے چھاپے جا چکے ہیں ۔ ہر ایک حریت کو شیدائی ہمہ تن انتظار اور شمولیت کے لئے تیار ہے ۔ بعلاوہ وقت عزیز احمد کے لئے گھر بیٹھے کا کام ۔ ملکیت پرست احباب کے نقیب و فراز سمجھانے کے باوجود ماہ دسمبر کو ہو روانہ چل پڑے ۔ کو تحریک کے کھلے اجلاس میں ہو گئے ۔ لیڈروں کی تقاریر سنیں

## غزل

(از عنقاؔ)

بعد از رقیب وصل نساز و مرا برو ؛ منشین برو برو بر وای بیوفا برو

حالت اگر چنین ست کہ ہرگز نیائی بر ؛ در سینہ و گر زنان اے مدعا برو

[illegible] رقیب آمد و شد میکنند روز ؛ گر گہ تو ہم ز بہر تظلم بیا برو

[illegible] تا شمار غوی در ثواب تو ؛ بر خیز و نیز و نسیم بران اے خطا برو

[illegible] عشق ست کہ عالم قدیم ست ؛ و مزن ز از حدوث نہ از انتہا برو

[illegible] ؛ [illegible] مالیست اے [illegible] برو

[illegible] ؛ دل مے بگرد و گفت کہ این مرتبہ برو

[illegible] عشرتم

عنقا بسایہ گوئی کہ از جا [illegible] برو

[illegible]

# ماخوذات

